آڈٹ بیورو آف سرکولیشن سے باقاعدہ تصدیق اشاعت ABC CERTIFIED انسانی حقوق پر پاکستان کا پہلا جریدہ

ماہنامہ ہیومن رائٹس پوسٹ کراچی

ورک فرام ہوم کا تجربہ

اسٹریٹ کرائمز قابو سے باہر کیوں؟

سال 2020 میں عالمی افق پر رونما ہونے والے اہم واقعات

بھارت کے مختلف حصوں میں متنازع شہریت قانون کی منظوری کے خلاف مظاہروں نے متعدد مرتبہ پرتشدد صورت اختیار کی

Regd.SS-No.1260

انسانی حقوق پر پہلی نیوز ایجنسی، حکومت پاکستان سے منظور شدہ

HRNW

اردو اور انگریزی میں خبروں کی ترسیل

www.hrnww.com hrnww.com/urdu

قوموں کی ترقی اور عروج وزوال کا راز

آپ حیران ہوں گے میٹرک کلاس کا پہلا امتحان برصغیر پاک و ہند 1858ء میں ہوا اور برطانوی حکومت نے یہ طے کیا کہ برصغیر کے لوگ ہماری عقل سے آدھے ہوتے ہیں اس لیے ہمارے پاس "پاسنگ مارکس "65 ہیں تو برصغیر والوں کے لیے 32 اعشاریہ 5 ہونے چاہئیں۔ دو سال بعد 1860ء میں اساتذہ کی آسانی کے لیے پاسنگ مارکس 33 کر دیے گئے اور ہم آج بھی ان ہی 33 نمبروں سے اپنے بچوں کی ذہانت کو تلاش کرنے میں مصروف ہیں۔

جاپان کی مثال لے لیں تیسری جماعت تک بچوں کو ایک ہی مضمون سکھایا جاتا ہے اور وہ "اخلاقیات" اور "آداب" ہیں۔ حضرت علیؓ نے فرمایا "جس میں ادب نہیں اس میں دین نہیں"۔ مجھے نہیں معلوم کہ جاپان والے حضرت علیؓ کو کیسے جانتے ہیں اور ہمیں ابھی تک ان کی یہ بات معلوم کیوں نہ ہو سکی۔ بہر حال، اس پر عمل کی ذمہ داری فی الحال جاپان والوں نے لی ہوئی ہے۔ ہمارے ایک دوست جاپان گئے اور ایئرپورٹ پر پہنچ کر انہوں نے اپنا تعارف کروایا کہ وہ ایک استاد ہیں اور پھر ان کو لگا کہ شاید وہ جاپان کے وزیراعظم ہیں۔ یہ ہے قوموں کی ترقی اور عروج وزوال کا راز۔

اشفاق احمد صاحب کو ایک دفعہ اٹلی میں عدالت جانا پڑا اور انہوں نے بھی اپنا تعارف کروایا کہ میں استاد ہوں وہ لکھتے ہیں کہ جج سمیت کورٹ میں موجود تمام لوگ اپنی نشستوں سے کھڑے ہو گئے اس دن مجھے معلوم ہوا کہ قوموں کی عزت کا راز استادوں کی عزت میں ہے۔ آپ یقین کریں استادوں کو عزت وہی قوم دیتی ہے جو تعلیم کو عزت دیتی ہے اور اپنی آنے والی نسلوں سے پیار کرتی ہے۔ جاپان میں معاشرتی علوم "پڑھائی" نہیں جاتی ہے کیونکہ یہ سکھانے کی چیز ہے اور وہ اپنی نسلوں کو بہت خوبی کے ساتھ معاشرت سکھا رہے ہیں۔ جاپان کے اسکولوں میں صفائی ستھرائی کے لیے بچے اور اساتذہ خود ہی اہتمام کرتے ہیں، صبح آٹھ بجے اسکول آنے کے بعد سے 10 بجے تک پورا اسکول بچوں اور اساتذہ سمیت صفائی میں مشغول رہتا ہے۔

دوسری طرف آپ ہمارا تعلیمی نظام ملاحظہ کریں جو صرف نقل اور چھپائی پر مشتمل ہے، ہمارے بچے "پبلشرز" بن چکے ہیں۔ آپ تماشہ دیکھیں جو کتاب میں لکھا ہوتا ہے اساتذہ اسی کو بورڈ پر نقل کرتے ہیں، بچے دوبارہ اسی کو کاپی پر چھاپ دیتے ہیں، اساتذہ اسی نقل شدہ اور چھپے ہوئے مواد کو امتحان میں دیتے ہیں، خود ہی اہم سوالوں پر نشانات لگواتے ہیں اور خود ہی پیپر بناتے ہیں اور خود ہی اس کو چیک کر کے خود نمبر بھی دے دیتے ہیں، بچے کے پاس یا فیل ہونے کا فیصلہ بھی خود ہی صادر کر دیتے ہیں اور ماں باپ اس نتیجے پر تالیاں بجا بجا کر بچوں کے ذہین اور قابل ہونے کے گن گاتے رہتے ہیں، جن کے بچے فیل ہو جاتے ہیں وہ اس نتیجے پر افسوس کرتے رہتے ہیں اور اپنے بچے کو "کوڑھ مغز" اور "کند ذہن" کا طعنہ دیتے رہتے ہیں۔

آپ ایمانداری سے بتائیں اس سب کام میں بچے نے کیا سیکھا، سوائے نقل کرنے اور چھاپنے کے؟ ہم 13، 14 سال تک بچوں کو قطار میں کھڑا کر کر کے اسمبلی کرواتے ہیں اور وہ اسکول سے فارغ ہوتے ہی قطار کو توڑ کر اپنا کام کرواتے ہیں، جو جتنے بڑے اسکول سے پڑھا ہوتا ہے قطار کو روندتے ہوئے سب سے پہلے اپنا کام کروانے کا ہنر جانتا ہے۔ ہم پہلی سے لے کر اور دسویں تک اپنے بچوں کو "سوشل اسٹڈیز" پڑھاتے ہیں اور معاشرے میں جو کچھ ہو رہا ہے وہ یہ بتانے اور سمجھانے کے لیے کافی ہے کہ ہم نے کتنا "سوشل" ہونا سیکھا ہے؟ اسکول میں سارا وقت سائنس "رٹنے" گزرتا ہے اور آپ کو پورے ملک میں کوئی "سائنس دان" نامی چیز نظر نہیں آئے گی کیونکہ بدقسمتی سے سائنس "سیکھنے" کی اور خود تجربہ کرنے کی چیز ہے اور ہم اسے بھی "رٹنا" لگواتے ہیں۔

ہمارا خیال ہے کہ اسکولز کے پرنسپل صاحبان اور ذمہ دار اساتذہ اکرام سر جوڑ کر بیٹھیں اس "گلے سڑے" اور "بوسیدہ" نظام تعلیم کو اٹھا کر پھینکیں، بچوں کو "طوطا" بنانے کے بجائے "قابل" بنانے کے بارے میں سوچیں۔

پاکستان میں کاٹن کی پیداوار کے خاتمے کی شروعات

کاٹن کی پیداوار میں مسلسل کمی پر کاٹن جنرز ایسوسی ایشن کی حالیہ رپورٹ کے مطابق اس سال پاکستان میں مسلسل تیسرے سال کاٹن کی پیداوار میں جنوری تک 34 فیصد کمی سے صرف 5.5 ملین بیلز کی پیداوار ہوئی ہے جو گزشتہ سال سے 3 ملین بیلز اور 30 برسوں میں سب سے کم ہے۔ گزشتہ سال ہماری کاٹن کی پیداوار 8.5 ملین بیلز تھی۔ ہماری کاٹن کی زیادہ سے زیادہ پیداوار 14 ملین بیلز اور اوسطاً 12 سے 13 ملین بیلز رہی جسے دیکھتے ہوئے ہم کہہ سکتے ہیں کہ پاکستان میں کاٹن کی پیداوار کے خاتمے کی شروعات ہو چکی ہے جبکہ بھارت میں کاٹن کی پیداوار میں مسلسل اضافہ ہو رہا ہے۔ انڈین کاٹن ایسوسی ایشن کے مطابق 2019-20 میں بھارت کی کاٹن کی پیداوار 36 ملین بیلز تھی۔ بھارت دنیا میں امریکہ اور برازیل کے بعد کاٹن ایکسپورٹ کرنے والا تیسرا بڑا ملک بن چکا ہے اور دنیا میں کاٹن کی پیداوار کا 25 فیصد حصہ رکھتا ہے۔ بھارت نے بی ٹی کاٹن کے جدید بیج استعمال کر کے اپنی کاٹن پیداوار کو چند سالوں میں دگنا کر لیا ہے جبکہ ہم کاٹن کی پیداوار میں مسلسل کمی سے 13 ملین بیلز سے 5.5 ملین بیلز کی نچلی ترین سطح پر آ گئے ہیں جس کی وجہ غیر معیاری بیج اور ادویات ہیں جس کے باعث کپاس کے کاشتکار گنے اور دوسری فصلوں کی کاشت پر منتقل ہو رہے ہیں۔ کاٹن کی پیداوار میں کمی کی ایک وجہ یہ بھی ہے کہ سیلز ٹیکس بچانے کیلئے اس سال کافی کاٹن کیش پر Unofficially خریدی گئی جو کاٹن کی آفیشل پیداوار میں شامل نہیں ہے۔ اس عمل کو روکنے کیلئے ٹیکسٹائل کو زیرو ریٹڈ سیلز ٹیکس کرنا ہوگا۔

کپاس قومی معیشت میں ریڑھ کی ہڈی کی حیثیت رکھتی ہے اور پاکستان کے سب سے اہم ٹیکسٹائل سیکٹر کا دارومدار کپاس کی پیداوار پر ہے۔ ہمارا ٹیکسٹائل سیکٹر ملک کی مجموعی ایکسپورٹ کا 60 فیصد اور مینوفیکچرنگ سیکٹر میں 40 فیصد ملازمتیں فراہم کرتا ہے جبکہ ملکی جی ڈی پی میں اس سیکٹر کا شیئر 9 سے 10 فیصد ہے۔ کپاس ٹیکسٹائل کا خام مال ہے جس سے ٹیکسٹائل کی مختلف مصنوعات بنا کر ایکسپورٹ کی جاتی ہیں۔ چند سال پہلے تک ہم دنیا میں کاٹن یارن کے دوسرے بڑے ایکسپورٹر تھے۔ کاٹن کی پیداوار میں مسلسل کمی اور پاک بھارت تجارت بند ہونے کی وجہ سے ہمیں ہر سال 2 ارب ڈالر کی کپاس برازیل اور دیگر ممالک سے امپورٹ کرنا پڑ رہی ہے اور ہر سال کاٹن امپورٹ میں اضافہ ہو رہا ہے جو زرمبادلہ کے ذخائر پر ایک بہت بڑا بوجھ ہے۔ مقامی مارکیٹ میں کپاس کی کمی کے باعث کاٹن کی قیمتیں 11 ہزار روپے فی من سے زائد تک پہنچ چکی ہیں جس کی وجہ سے کاٹن یارن کی قیمتوں میں بھی 40 فیصد اضافہ ہوا ہے جو ٹیکسٹائل ایکسپورٹ میں ہماری مقابلاتی سکت متاثر کر رہا ہے۔ کاٹن کی کاشت کے رقبے اور پیداوار بڑھانے کیلئے حکومت کو خیبر پختونخواہ اور بلوچستان میں کپاس کی کاشت کیلئے مراعات دینا ہوں گی۔ اسٹیٹ بینک کی رپورٹ کے مطابق اس سال صرف 2.5 ملین ہیکڑ رقبے پر کاٹن کاشت کی گئی ہے جو 1982 کے بعد سے کاٹن کی کاشت کا کم ترین رقبہ ہے جبکہ چند سال پہلے پاکستان میں کاٹن کی کاشت کا رقبہ 3.2 ملین ہیکڑ تھا۔ اس کے برعکس آج بھارت 12 ملین ہیکڑ رقبے پر کاٹن کی کاشت کر کے دنیا میں کپاس پیدا کرنے والا سب سے بڑا ملک بن گیا ہے۔ دنیا میں کاٹن کی پیداوار میں بھارت کا حصہ 25 فیصد ہے جبکہ دوسرے نمبر پر چین 23 فیصد، تیسرے نمبر پر امریکہ 15 فیصد اور چوتھے نمبر پر برازیل کا 10 فیصد حصہ ہے، یہ چاروں ممالک دنیا کا 73 فیصد کاٹن پیدا کرتے ہیں۔

پنجاب میں اس سال جنوری کے آخر تک 3.4 ملین بیلز کپاس پیدا ہوئی ہے جبکہ گزشتہ سال پنجاب میں اسی دورانیے میں کپاس کی پیداوار 5 ملین بیلز سے زیادہ تھی۔ اس لحاظ سے اس سال پنجاب میں 31.5 فیصد کپاس کی کم پیداوار ہوئی جبکہ سندھ میں اس سال کپاس کی پیداوار 2.1 ملین بیلز ہوئی جبکہ گزشتہ سال اس کی پیداوار 3.5 ملین بیلز تھی۔ اس طرح اس سال سندھ میں کپاس 38.5 فیصد کم پیدا ہوئی۔ کاٹن ایکسپرٹ نسیم عثمان کے مطابق 2021 میں کاٹن کی شارٹ فال 4.5 سے 5.5 ملین بیلز تک پہنچ سکتی ہے، ہماری ٹیکسٹائل صنعت نے رواں مالی سال جولائی سے دسمبر تک ایک ارب ڈالر کی کپاس امپورٹ کی جبکہ گزشتہ مالی سال اسی دورانیے میں 543 ملین ڈالر کی کپاس امپورٹ کی گئی تھی۔

نسیم عثمان کے مطابق جون 2021 تک کاٹن کی امپورٹ 3 ارب ڈالر تک پہنچ سکتی ہے۔ کاٹن امپورٹ کرنے میں کپاس کی قیمت میں تقریباً 15 فیصد اضافہ ہو جاتا ہے جو پیداواری لاگت میں اضافے کا سبب بنتا ہے۔

وزیراعظم زراعت کیلئے نئے پیکیج کا اعلان کرنے والے ہیں۔ میری تجویز ہے کہ پیکیج میں کاٹن کی پیداوار بڑھانے کیلئے مراعات دی جائیں، کپاس کے کاشتکاروں کو نقلی بیج اور ادویات کی سپلائی کو روکا جائے اور کاٹن کی فی ایکڑ پیداوار بڑھانے کیلئے اصلی بیجوں اور ادویات کی فراہمی یقینی بنائی جائے تاکہ کاشتکار کپاس کی کاشت کو ترجیح دیں۔ گزشتہ کئی دہائیوں سے ہمارے ایگریکلچر ریسرچ اداروں نے کپاس کے نئے بیج دریافت نہیں کئے اور نہ ہی حکومت نے بی ٹی کاٹن جیسے زیادہ فی ایکڑ پیداوار والے بیجوں کو پاکستان میں سرکاری طور پر متعارف کرایا ہے جبکہ کاٹن میں آلودگی کی روک تھام کیلئے بھی کوئی سنجیدہ اقدامات نہیں کئے گئے۔ کاٹن کی مسلسل پیداوار میں کمی سے 13 ارب ڈالر ایکسپورٹ اور مینوفیکچرنگ میں سب سے زیادہ ملازمتیں فراہم کرنے والا اہم ٹیکسٹائل سیکٹر بری طرح متاثر ہو سکتا ہے۔ ٹیکسٹائل سیکٹر کی خام مال ہونے کی وجہ سے صنعت کو کپاس کی سالانہ کم از کم 11 ملین بیلز کھپت ہے جس کی مقامی سطح پر دستیابی حکومت کو یقینی بنانا ہوگی۔

مہنگائی مافیا سرگرم

موجودہ حکومت اپنے تمام تر دعوؤں کے باوجود مہنگائی کے حوالہ سے عوام کو کوئی ریلیف نہیں دے سکی اور حکومتی وزراء کے تمام بیانات اب تک کھوکھلے ثابت ہوئے۔ بجلی، گیس اور پیٹرول کے نرخوں میں آئے روز اضافہ کیا جارہا ہے لیکن غریب طبقہ کا کسی کو احساس نہیں۔ مہنگائی میں روز بروز اضافہ ہوتا جارہا ہے اور عام آدمی کیلئے معمولات زندگی جاری رکھنا مشکل سے مشکل تر ہو گیا ہے۔ تمام تر حکومتی اقدامات کے باوجود چینی کی قیمتوں میں اضافہ کو روکا نہیں جا سکا ہے۔ رمضان کی آمد سے قبل ایک بار پھر چینی مافیا سرگرم ہو گیا ہے اور انہوں نے چینی کی قیمتوں میں من مانا اضافہ کر دیا ہے، ادارہ شماریات کی جانب سے جاری اعداد و شمار بھی ملک بھر میں چینی کی قیمتوں میں ہوشربا اضافہ کا اعتراف کر رہے ہیں۔ ادارہ شماریات کے مطابق گذشتہ ایک ہفتہ کے دوران ملک کے بڑے شہروں میں چینی کی فی کلو قیمت میں 4 سے 5 روپے کا اضافہ دیکھنے میں آیا، کراچی میں گذشتہ ایک ہفتہ کے دوران فی کلو چینی کی قیمت 5 روپے اضافہ کے ساتھ 100 روپے فی کلو تک جا پہنچی ہے جبکہ لاہور میں ایک ہفتہ کے دوران چینی کی قیمتوں پر 4 روپے فی کلو کا اضافہ دیکھا گیا۔ دوسری جانب یوٹیلیٹی اسٹورز ذرائع نے بتایا کہ اس وقت بھی یوٹیلیٹی اسٹورز پر چینی 68 روپے فی کلو کے حساب سے صارفین کو دی جارہی ہے، یوٹیلیٹی اسٹورز کے پاس وافر مقدار میں چینی کا ذخیرہ موجود ہے، یوٹیلیٹی اسٹورز پر چینی کی کمی سے متعلق خبروں میں کوئی صداقت نہیں۔ ذرائع نے بتایا کہ چینی کی ذخیرہ اندوزی کو روکنے کے لئے ایک شخص کو ایک وقت میں صرف چار کلو چینی خریدنے کی اجازت ہے، جس کی وجہ یہ ہے کہ مارکیٹ قیمتوں میں فرق سے ذخیرہ اندوزی کا خطرہ ہوتا ہے۔ یوٹیلیٹی اسٹورز ذرائع نے بتایا کہ حکومت کی جانب سے دی گئی اشیاء پر سبسڈی دینے کا عمل جاری ہے۔ دیکھا جائے تو بظاہر محسوس یہی ہوتا ہے کہ آنے والے وقت میں عوام کیلئے دو وقت کی روٹی کا حصول بھی جوئے شیر لانے کے برابر ہو جائے گا اور اشیائے خورد و نوش عام آدمی کی دسترس سے بہت دور چلی جائیں گی، حکومت کو چاہیے کہ سب سے پہلے مہنگائی کا کنٹرول کرنے پر اپنی توجہ مرکوز کرے اور عوام کو ریلیف دے۔

آپریشن ردالفساد کے چار سال

اب سے چند سال پہلے جب وطن عزیز میں دہشت گردی عروج پر تھی تو پاک فوج نے ملک دشمن عناصر کو کچلنے کیلئے ایک گرینڈ آپریشن ''ردالفساد'' کا آغاز کیا تھا جس کے نتیجہ میں بہت سے دہشت گرد مارے گئے، کچھ پکڑے گئے اور کچھ فرار ہو گئے اس آپریشن جو آج بھی جاری ہے کے نتیجہ میں ملک میں امن و امان کی صورتحال میں کافی بہتری آئی ہے اور اس آپریشن کے چار سال مکمل ہونے پر پاک فوج کے ترجمان میجر جنرل بابر افتخار نے کہا کہ عوام فوج کی طاقت ہوتی ہے عوام ساتھ ہو تو فوج کچھ بھی کر سکتی ہے، اس بار 23 مارچ کو یوم پاکستان بھرپور طریقہ سے منائیں گے، یوم پاکستان کا مقصد ہے ایک قوم، ایک منزل، عوام کے تعاون سے ہر چیلنج پر قابو پائیں گے، دہشت گردوں نے پاکستان کو مفلوج کرنے کی کوشش کی جسے پاک فوج نے ناکام بنا دیا، امن کا سفر کامیابی سے جاری رہے گا۔ عوام کی مدد سے ہی ملک سے دہشت گردی کا خاتمہ کیا۔ قبائلی علاقوں میں ریاست کی رٹ بحال ہو گئی ہے، طاقت کا استعمال صرف ریاست کی صوابدید ہے، آپریشن ردالفساد کو چار سال مکمل ہو گئے۔ نیشنل ایکشن پلان کے مکمل اہداف حاصل کریں گے، پاکستان نے افغان امن کیلئے بہت مثبت کردار ادا کیا، پوری دنیا افغان امن کیلئے پاکستان کے کردار کو سراہتی ہے، پاکستان کے ڈومزیئر کو عالمی برادری نے سراہا۔ پاک فوج کے ترجمان اور شعبہ تعلقات عامہ آئی ایس پی آر کے ڈائریکٹر جنرل میجر جنرل بابر افتخار نے صحافیوں کو بریفنگ دیتے ہوئے بتایا کہ آپریشن ردالفساد کا مقصد ایک پرامن اور مستحکم پاکستان تھا اور ہر پاکستانی اس آپریشن کا سپاہی ہے انہوں نے کہا کہ 22 فروری 2017 کو آرمی چیف جنرل قمر جاوید باجوہ کی قیادت میں آپریشن ردالفساد کا آغاز کیا گیا، اس آپریشن کی بنیادی اہمیت جو اسے دیگر تمام اہمیت سے ممتاز کرتی ہے، وہ یہ ہے کہ آپریشن کسی مخصوص علاقے پر مبنی نہیں تھا بلکہ اس کا دائرہ کار پورے ملک پر محیط تھا، اس کا اسٹریٹجک مقصد ایک پرامن، مستحکم پاکستان تھا اور ہے، جس میں عوام کا ریاست پر اعتماد بحال ہو اور دہشت گردوں اور شر پسند عناصر کی آزادی کو سلب کر کے انہیں مکمل طور پر غیر موثر کر دیا جائے۔ ردالفساد کا بنیادی محور عوام ہیں کیونکہ جب مسلح فورس دہشتگردوں سے لڑ رہی ہوتی ہے تو دہشت گردی اور عسکریت پسندی کو صرف قانون نافذ کرنے والے اداروں اور معاشرے کی طاقت سے شکست دی جا سکتی ہے۔ وطن عزیز سے دہشت گردی کے خاتمہ کیلئے حکومت اور پوری قوم پہلے کی طرح آج بھی پاک فوج کے ساتھ ہے اور انشاء اللہ وہ دن دور نہیں جب وطن عزیز سے دہشت گردی کا مکمل خاتمہ ہو جائیگا۔

سیاسی جماعتیں برداشت اور تحمل کا مظاہرہ کریں

بلاشبہ ڈسکہ میں ضمنی الیکشن کے حوالہ سے الیکشن کمیشن کے فیصلہ کو اپوزیشن جماعتوں کی جانب سے خوش آئند قرار دیا جارہا ہے جبکہ حکومت کی جانب سے الیکشن کمیشن کے فیصلہ کے خلاف سپریم کورٹ میں اپیل دائر کرنے کا اعلان کیا گیا ہے اب دیکھنا یہ ہے کہ اونٹ کس کروٹ بیٹھے گا بلاشبہ ضمنی الیکشن کے موقع پر سیاسی جماعتوں کی جانب سے فائرنگ اور ہلڑ بازی کے واقعات قابل مذمت ہیں اور اس دوران فائرنگ سے دو افراد کی جانوں کا ضیاع نہ صرف باعث افسوس ہے بلکہ اس کی جتنی بھی مذمت کی جائے کم ہے بلاشبہ ملک میں جس تیزی کے ساتھ عدم برداشت کا رویہ جنم لے رہا ہے وہ انتہائی خطرناک اور مستقبل میں عام انتخابات کو مزید پیچیدہ کرنے کے مترادف ہوگا کیونکہ ڈسکہ میں جس طرح کے واقعات پیش آئے اگر ان کی روک تھام کیلئے اقدامات نہ کیے گئے تو عام انتخابات میں اس کے منفی نتائج برآمد ہو سکتے ہیں ملک آج جس بحرانی صورتحال سے دوچار ہے اور معاشی طور پر مشکلات درپیش ہیں ایسی صورتحال میں ملک مزید بحرانوں کا متحمل نہیں ہو سکتا اور ملک کو درپیش بحرانوں سے نکالنے کی ذمہ داری صرف حکومت کی نہیں بلکہ تمام سیاسی قوتوں کی ہے چاہے وہ اپوزیشن میں ہوں یا حکومت میں ہوں انہیں ملک اور قوم کو بحران سے نکالنے کیلئے اپنی قومی ذمہ داری ادا کرنی چاہیے بلاشبہ کوئی بھی حکومت تنہا ملک کو بحرانوں سے نکال سکتی اس کیلئے اسے اپوزیشن جماعتوں کا تعاون درکار ہوتا ہے مگر بدقسمتی سے یہاں گنگا الٹی بہتی ہے سیاسی جماعتیں جب برسر اقتدار ہوتی ہیں تو ان سے زیادہ محب وطن اور عوام دوست کوئی دوسرا نہیں ہوتا مگر جونہی وہ اپوزیشن میں جاتی ہیں اپنی تمام قومی ذمہ داریوں کو فراموش کر کے برسر اقتدار جماعت کی ٹانگیں کھینچنے میں اپنی تمام توانائیاں صرف کرنا شروع کر دیتی ہیں جو مہذب قوموں کی نشانی نہیں لہذا ضرورت اس بات کی ہے کہ تمام سیاسی جماعتیں آپس میں برداشت اور تحمل مزاجی کے ساتھ معاملات کو چلائیں تاکہ ملک اور قوم کے مسائل کو حل کیا جا سکے۔

سال 2020 میں عالمی افق پر رونما ہونے والے اہم واقعات

دنیا بھر میں سال کا بڑا حصہ کورونا وائرس اور اس سے منسلک واقعات اور تنازعات کی نذر رہا

سال 2020 کے تیسرے ہی روز سب سے بڑی خبر جو سامنے آئی وہ ایرانی پاسداران انقلاب کی قدس فورس کے سربراہ میجر جنرل قاسم سلیمانی کی ہلاکت کی تھی

بھارت کے مختلف حصوں میں متنازع شہریت قانون کی منظوری کے خلاف مظاہروں نے متعدد مرتبہ پرتشدد صورت اختیار کی

افغانستان میں شروع ہونے والی جنگ کے خاتمے کے لیے امریکا اور طالبان کے درمیان 29 فروری 2020 کو تاریخی امن معاہدے پر دستخط کیے گئے

ثوبیہ شاہد

سال 2020 کی ابتدا پوری دنیا کو اپنی لپیٹ میں لے کر نوع انسانی کو نئی چیزوں سے روشناس کروانے والے جس معاملے سے ہوئی تھی اس کا اختتام بھی اسی کے ساتھ ہوا۔

یہاں ہم بات کررہے ہیں عالمی وبا کورونا وائرس کی جو جدید دنیا میں انسانوں کو متاثر کرنے والا وہ واحد معاملہ ہے جو سال کے اختتام پر بھی اسی طرح نہ صرف زبان زد عام ہے جیسے آغاز میں تھا بلکہ ایک سال کا عرصہ گزر جانے کے باوجود بھی یہ انسانوں کے لیے اب بھی بڑی حد تک معمہ بنا ہوا ہے۔

حالانکہ دنیا بھر میں سال کا بڑا حصہ کورونا وائرس اور اس سے منسلک واقعات اور تنازعات کی نذر رہا تاہم کچھ اور اہم عالمی واقعات بھی رونما ہوئے جنہیں ہم یہاں قلمبند کررہے ہیں۔

ایرانی جنرل کی ہلاکت اور اس سے جُڑے معاملات

سال 2020 کے آغاز کے ساتھ تیسرے ہی روز سب سے بڑی خبر جو سامنے آئی وہ امریکی فضائی حملے میں ایرانی پاسداران انقلاب کی قدس فورس کے سربراہ میجر جنرل قاسم سلیمانی کی ہلاکت کی تھی، انتہائی اہم فرد کی ہلاکت طویل عرصے سے امریکا کے ساتھ تنازع میں گھرے ایران کے لیے بڑا دھچکا ثابت ہوئی۔

اس واقعے کے 2 روز بعد ہی 5 جنوری کو ایران نے عالمی طاقتوں کے ساتھ 2015 میں کیے گئے جوہری معاہدے سے مکمل طور پر دستبرداری کا اعلان کردیا تھا جس سے امریکا پہلے ہی علیحدہ ہوچکا تھا۔

قاسم سلیمانی پاسدارانِ انقلاب کی بیرونِ ملک موجود شاخ کی سربراہی کرتے تھے ساتھ ہی ایرانی صدر حسن روحانی کی انتظامیہ نے کہا تھا کہ 'ایران یورینیم کی افزودگی، ذخیرہ شدہ افزودہ یورینیم کی مقدار کے ساتھ اپنی جوہری سرگرمیوں میں تحقیق و ترقی میں کسی بھی قسم کی حد بندی نہیں رکھے گا۔

تاہم حیرت انگیز طور پر نومبر میں ہونے والے امریکی انتخابات میں ڈیموکریٹ اُمیدوار جوبائیڈن کی

کامیابی کے بعد ایران نے پیش کش کی کہ اگر امریکا تہران پر عائد اقتصادی پابندیاں ختم کردے تو ایران 2015 کے جوہری معاہدے کی مکمل پاسداری کرے گا۔

اس سے قبل القدس فورس کے سربراہ جنرل قاسم سلیمانی کی ہلاکت سے پیدا ہونے والی کشیدگی کے دوران ہی ایران نے اس کے جواب میں عراق میں امریکا اور اس کی اتحادی افواج کے 2 فوجی اڈوں پر بیلسٹک میزائل داغے تھے۔

ایران کی جانب سے اس حملے میں 80 امریکی فوجیوں کی ہلاکت کا دعویٰ کیا گیا تھا، رپورٹ میں یہ بھی کہا گیا تھا کہ امریکی ہیلی کاپٹرز اور فوجی ساز و سامان کو بھی 'سخت نقصان' پہنچا ہے۔

تاہم امریکی سینٹرل کمانڈ نے انکشاف کیا تھا کہ ایران کی جانب سے امریکی فوجی اڈوں پر کیے گئے میزائل حملوں میں 11 امریکی فوجی زخمی ہوئے تھے اور کسی بھی قسم کا جانی نقصان نہیں ہوا تھا۔

بعد ازاں پینٹاگون نے ایک بیان میں بتایا کہ عراق میں قائم اڈے میں ہونے والے ایرانی میزائل حملوں کے بعد 34 فوجیوں میں دماغی چوٹ کی تشخیص ہوئی تھی۔

دوسری جانب ایران کے جوہری پروگرام سے متعلق 2015 کے معاہدے کو زندہ رکھنے کی کوشش کرنے والے ممالک اب بھی اس بات پر مصر ہیں کہ نئی امریکی انتظامیہ کے تحت معاہدے میں امریکی واپسی کے امکان کو مثبت انداز میں حل کیا جائے اور جرمنی کے وزیر خارجہ نے ایران پر زور دیا تھا کہ وہ معاہدہ

بچانے کے اس موقع کو ضائع نہ کرے جو اسے آخری ونڈو کہتے ہیں۔

نئی دہلی فسادات

بھارت کے مختلف حصوں میں متنازع شہریت قانون کی منظوری کے خلاف 2019 کے اواخر سے مظاہرے جاری تھے اوران مظاہروں نے متعدد مرتبہ پر تشدد صورت اختیار کی اور اس دوران صورتحال خاصی کشیدہ بھی رہی۔

فسادات میں جس پوری مارکیٹ کو جلا کر راکھ کیا گیا وہاں زیادہ تر دکانیں مسلمانوں کی تھیں تاہم رواں برس فروری میں امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ کے پہلے بھارتی دورے کے دوران 23 فروری کو بھارتی دارالحکومت نئی دہلی میں جاری مظاہرے اچانک سنگین مذہبی فسادات کی صورت اختیار کر گئے۔ یہاں ہم آپ کو شہریت ترمیمی بل کے بارے میں بتاتے چلیں کہ سال 2019 میں 11 دسمبر کو بھارتی پارلیمنٹ سے شہریت ترمیمی ایکٹ منظور ہوا تھا جس کے تحت 31 دسمبر 2014 سے قبل 3 پڑوسی ممالک سے بھارت آنے والے ہندوؤں، سکھوں، بدھ مت، جینز، پارسیوں اور عیسائیوں کو بھارتی شہریت دی جائے گی جبکہ اس فہرست میں مسلمان شامل نہیں تھے۔

چنانچہ بھارتی دارالحکومت میں ہوئے فسادات کے دوران کم از کم 53 افراد جاں بحق اور 200 سے زائد زخمی ہوئے تھے جن میں سے اکثریت مسلمانوں کی تھی۔

جس کے بارے میں ایک انکشاف یہ بھی سامنے آیا کہ ان فسادات میں دہلی پولیس نے جان بوجھ کر مسلمانوں کو ہدف بنایا تھا۔

ان فسادات میں زیادہ نقصان مسلمانوں کو پہنچا اور انتہا پسندوں نے مسجد کو بھی نذر آتش کر دیا اس حوالے سے انسانی حقوق کی عالمی تنظیم ایمنسٹی انٹرنیشنل نے اپنی رپورٹ میں کہا تھا کہ فسادات میں دہلی پولیس انسانی حقوق کی سنگین خلاف پامالی کی مرتکب ہوئی، دہلی پولیس نے مظاہرین پر تشدد کیا اور انہیں گرفتار کیا جبکہ ہندو حملہ آوروں کا ساتھ دیا۔

ایمنسٹی کی رپورٹ میں کہا گیا تھا کہ 'ان فسادات میں مسلمانوں کا نقصان ہندوؤں کے مقابلے میں 3 گنا زیادہ تھا، جس میں مسلمانوں کی جائیدادوں اور کاروبار کو بھی نذر آتش کیا گیا تھا'۔

امریکا-طالبان امن معاہدہ

سال 2001 میں نیویارک کے ورلڈ ٹریڈ سینٹر پر حملے کے بعد افغانستان میں شروع ہونے والی جنگ کے خاتمے کے لیے امریکا اور طالبان کے درمیان 29 فروری 2020 کو تاریخی امن معاہدے پر دستخط کیے گئے۔

طالبان کے ساتھ امن معاہدے کی باتیں افغان اور امریکی رہنماؤں کی جانب سے گزشتہ ایک دہائی سے کی جارہی تھیں جس کے لیے 2013 میں قطر کے دارالحکومت دوحہ میں طالبان نے سیاسی دفتر قائم کیا تھا تاہم اس میں تیزی اس وقت آئی جب ٹرمپ انتظامیہ نے ستمبر 2019 میں افغانی نژاد زلمے خلیل زاد کو افغان امن عمل کے لیے خصوصی سفیر تعینات کیا تھا۔

معاہدے پر دستخط کی تقریب میں وزیر خارجہ شاہ محمود قریشی نے پاکستان کی نمائندگی کی تھی، اس کے علاوہ لگ بھگ 50 ممالک کے نمائندوں نے بھی اس تقریب میں شرکت کی جبکہ معاہدے پر دستخط کے پیش نظر طالبان کا 31 رکنی وفد بھی قطر کے دارالحکومت میں موجود تھا۔

اس معاہدے کے تحت جنگ زدہ ملک افغانستان میں

امن کا اگلا قدم بین الافغان مذاکرات تھے جس میں براہِ راست افغان حکومت اور طالبان کے درمیان بات چیت ہونی اور اس کی راہ ہموار کرنے اور باہمی اعتماد سازی کے لیے قیدیوں کی تبادلے کی شرط عائد کی گئی تھی۔

امریکا اور طالبان کے درمیان ہونے والے امن معاہدے کے تحت 5 ہزار طالبان قیدیوں کے تبادلے کا وعدہ کیا گیا تھا جس کے بدلے میں طالبان نے ایک ہزار افغان سیکیورٹی فورسز کے قیدیوں کو رہا کرنا تھا۔

تاہم یہ اقدام تاخیر کا شکار ہوا اور اپریل سے اس پر باقاعدہ طور پر رہائی کا سلسلہ شروع ہوا، جس کے بعد وقفے وقفے سے افغان حکومت اور طالبان کی جانب سے قیدی رہا کیے جاتے رہے تاہم افغان حکام 400 خطرناک طالبان قیدیوں کو رہا کرنے میں ہچکچاہٹ کا شکار تھے جنہیں لویہ جرگے کی منظوری کے بعد بالآخر رہا کر دیا گیا۔

جس کے بعد رواں برس ستمبر میں پہلی مرتبہ افغان حکومت اور طالبان کے نمائندوں کے درمیان قطر کے دارالحکومت دوحہ میں بین الافغان مذاکرات کا آغاز ہوگیا۔

ہیری اور میگھن مارکل کی شاہی حیثیت سے دستبرداری

ہالی وڈ کی چمکتی دمکتی دنیا چھوڑ کر شاہی خاندان میں شامل ہونے والی میگھن مارکل اور ان کے شوہر برطانوی شہزادے پرنس چارلس اور لیڈی ڈیانا کے بیٹے شہزادہ ہیری نے اپنی شاہی حیثیت سے دستبرداری کا اعلان رواں سال کے آغاز میں کیا تھا۔

دونوں نے سن 2020 کے آغاز میں ہی 9 جنوری کو اچانک شاہی ذمہ داریوں سے دستبرداری کا اعلان کر کے سب کو حیران کر دیا تھا بعد ازاں ملکہ برطانیہ نے بھی دونوں کے فیصلے کی توثیق کر دی تھی جس کے بعد 19 جنوری کو شاہی محل نے شہزادہ ہیری اور میگھن مارکل کی شاہی حیثیت کے خاتمے کا اعلان کر دیا تھا۔

برطانوی شاہی محل سے بیان جاری کیا گیا تھا کہ شہزادہ ہیری اور میگھن مارکل اب شاہی ذمہ داریاں ادا نہیں کریں گے اور نہ ہی وہ اب شاہی محل کا حصہ ہوں گے تاہم ساتھ ہی کہا گیا تھا کہ وہ شاہی خاندان کا حصہ ضرور رہیں گے۔

شاہی خاندان میں پیدا ہونے کے باعث ہیری کو شہزادہ ہی کہا جائے گا مگر ان کی کوئی شاہی حیثیت نہیں ہوگی یعنی اب وہ کسی بھی ملک میں شاہی خاندان کے آفیشل فرد کے طور پر نہیں پہچانے جائیں گے اور اسی طرح وہ اپنی سماجی و کاروباری مصروفیات کے دوران شاہی اعزازات کو بھی استعمال نہیں کر سکیں گے۔

چنانچہ 10 مارچ کو برطانوی شاہی جوڑا شہزادہ ہیری اور ان کی اہلیہ میگھن مارکل باضابطہ طور پر شاہی حیثیت سے علیحدہ ہو گئے تھے۔

اس سے ایک روز قبل شہزادہ ہیری اور میگھن مارکل نے بطور شاہی خاندان کے فرد 9 مارچ کو شاہی محل

بچانے کے اس موقع کو ضائع نہ کرے جو اسے آخری ونڈو دیکھتے ہیں۔

نئی دہلی فسادات

بھارت کے مختلف حصوں میں متنازع شہریت قانون کی منظوری کے خلاف 2019 کے اواخر سے مظاہرے جاری تھے اوران مظاہروں نے متعدد مرتبہ پر تشدد صورت اختیار کی اور اس دوران صورتحال خاصی کشیدہ بھی رہی۔

فسادات میں جس پوری مارکیٹ کو جلا کر راکھ کیا گیا وہاں زیادہ تر دکانیں مسلمانوں کی تھیں تاہم رواں برس فروری میں امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ کے پہلے بھارتی دورے کے دوران 23 فروری کو بھارتی دارالحکومت نئی دہلی میں جاری مظاہرے اچانک سنگین مذہبی فسادات کی صورت اختیار کر گئے۔ یہاں ہم آپ کو شہریت ترمیمی بل کے بارے میں بتاتے چلیں کہ سال 2019 میں 11 دسمبر کو بھارتی پارلیمنٹ سے شہریت ترمیمی ایکٹ منظور ہوا تھا جس کے تحت 31 دسمبر 2014 سے قبل 3 پڑوسی ممالک سے بھارت آنے والے ہندوؤں، سکھوں، بدھ مت، جینز، پارسیوں اور عیسائیوں کو بھارتی شہریت دی جائے گی جبکہ اس فہرست میں مسلمان شامل نہیں تھے۔

چنانچہ بھارتی دارالحکومت میں ہوئے فسادات کے دوران کم از کم 53 افراد جاں بحق اور 200 سے زائد زخمی ہوئے تھے جن میں سے اکثریت مسلمانوں کی تھی۔

جس کے بارے میں ایک انکشاف یہ بھی سامنے آیا کہ ان فسادات میں دہلی پولیس نے جان بوجھ کر مسلمانوں کو ہدف بنایا تھا۔

ان فسادات میں زیادہ نقصان مسلمانوں کو پہنچا اور انتہا پسندوں نے مسجد کو بھی نذر آتش کر دیا اس حوالے سے انسانی حقوق کی عالمی تنظیم ایمنسٹی انٹرنیشنل نے اپنی رپورٹ میں کہا تھا کہ فسادات میں دہلی پولیس انسانی حقوق کی سنگین خلاف پامالی کی مرتکب ہوئی، دہلی پولیس نے مظاہرین پر تشدد کیا اور انہیں گرفتار کیا جبکہ ہندو حملہ آوروں کا ساتھ دیا۔

ایمنسٹی کی رپورٹ میں کہا گیا تھا کہ 'ان فسادات میں مسلمانوں کا نقصان ہندوؤں کے مقابلے میں 3 گنا زیادہ تھا، جس میں مسلمانوں کی جائیدادوں اور کاروبار کو بھی نذر آتش کیا گیا تھا'۔

امریکا-طالبان امن معاہدہ

سال 2001 میں نیویارک کے ورلڈ ٹریڈ سینٹر پر حملے کے بعد افغانستان میں شروع ہونے والی جنگ کے خاتمے کے لیے امریکا اور طالبان کے درمیان 29 فروری 2020 کو تاریخی امن معاہدے پر دستخط کیے گئے۔

طالبان کے ساتھ امن معاہدے کی باتیں افغان اور امریکی رہنماؤں کی جانب سے گزشتہ ایک دہائی سے کی جارہی تھیں جس کے لیے 2013 میں قطر کے دارالحکومت دوحہ میں طالبان نے سیاسی دفتر قائم کیا تھا تاہم اس میں تیزی اس وقت آئی جب ٹرمپ انتظامیہ نے ستمبر 2019 میں افغانی نژاد زلمے خلیل زاد کو افغان امن عمل کے لیے خصوصی سفیر تعینات کیا تھا۔

معاہدے پر دستخط کی تقریب میں وزیر خارجہ شاہ محمود قریشی نے پاکستان کی نمائندگی کی تھی، اس کے علاوہ لگ بھگ 50 ممالک کے نمائندوں نے بھی اس تقریب میں شرکت کی جبکہ معاہدے پر دستخط کے پیش نظر طالبان کا 31 رکنی وفد بھی قطر کے دارالحکومت میں موجود تھا۔

اس معاہدے کے تحت جنگ زدہ ملک افغانستان میں امن کا اگلا قدم بین الافغان مذاکرات تھے جس میں براہِ راست افغان حکومت اور طالبان کے درمیان بات چیت ہونی اور اس کی راہ ہموار کرنے اور باہمی اعتماد سازی کے لیے قیدیوں کی تبادلے کی شرط عائد کی گئی تھی۔

امریکا اور طالبان کے درمیان ہونے والے امن معاہدے کے تحت 5 ہزار طالبان قیدیوں کے تبادلے کا وعدہ کیا گیا تھا جس کے بدلے میں طالبان نے ایک ہزار افغان سیکیورٹی فورسز کے قیدیوں کو رہا کرنا تھا۔

تاہم یہ اقدام تاخیر کا شکار ہوا اور اپریل سے اس پر باقاعدہ طور پر رہائی کا سلسلہ شروع ہوا، جس کے بعد وقفے وقفے سے افغان حکومت اور طالبان کی جانب سے قیدی رہا کیے جاتے رہے تاہم افغان حکام 400 خطرناک طالبان قیدیوں کو رہا کرنے میں ہچکچاہٹ کا شکار تھے جنہیں لویہ جرگے کی منظوری کے بعد بالآخر رہا کر دیا گیا۔

جس کے بعد رواں برس ستمبر میں پہلی مرتبہ افغان حکومت اور طالبان کے نمائندوں کے درمیان قطر کے دارالحکومت دوحہ میں بین الافغان مذاکرات کا آغاز ہوگیا۔

ہیری اور میگھن مارکل کی شاہی حیثیت سے دستبرداری

ہالی وڈ کی چمکتی دمکتی دنیا چھوڑ کر شاہی خاندان میں شامل ہونے والی میگھن مارکل اور ان کے شوہر برطانوی شہزادے پرنس چارلس اور لیڈی ڈیانا کے بیٹے شہزادہ ہیری نے اپنی شاہی حیثیت سے دستبرداری کا اعلان رواں سال کے آغاز میں کیا تھا۔

دونوں نے سن 2020 کے آغاز میں ہی 9 جنوری کو اچانک شاہی ذمہ داریوں سے دستبرداری کا اعلان کر کے سب کو حیران کر دیا تھا بعد ازاں ملکہ برطانیہ نے بھی دونوں کے فیصلے کی توثیق کر دی تھی جس کے بعد 19 جنوری کو شاہی محل نے شہزادہ ہیری اور میگھن مارکل کی شاہی حیثیت کے خاتمے کا اعلان کر دیا تھا۔

برطانوی شاہی محل سے بیان جاری کیا گیا تھا کہ شہزادہ ہیری اور میگھن مارکل اب شاہی ذمہ داریاں ادا نہیں کریں گے اور نہ ہی وہ اب شاہی محل کا حصہ ہوں گے تاہم ساتھ ہی کہا گیا تھا کہ وہ شاہی خاندان کا حصہ ضرور رہیں گے۔

شاہی خاندان میں پیدا ہونے کے باعث ہیری کو شہزادہ ہی کہا جائے گا مگر ان کی کوئی شاہی حیثیت نہیں ہوگی یعنی اب وہ کسی بھی ملک میں شاہی خاندان کے آفیشل فرد کے طور پر نہیں پہچانے جائیں گے اور اسی طرح وہ اپنی سماجی و کاروباری مصروفیات کے دوران شاہی اعزازات کو بھی استعمال نہیں کر سکیں گے۔

چنانچہ 10 مارچ کو برطانوی شاہی جوڑا شہزادہ ہیری اور ان کی اہلیہ میگھن مارکل باضابطہ طور پر شاہی حیثیت سے علیحدہ ہو گئے تھے۔

اس سے ایک روز قبل شہزادہ ہیری اور میگھن مارکل نے بطور شاہی خاندان کے فرد 9 مارچ کو شاہی محل

میں ہونے والی ایک تقریبات میں شرکت کی جو شاہی حیثیت کے ساتھ ان کی آخری تقریب میں شرکت تھی۔

بعدازاں یہ جوڑا ابتدا میں کینیڈا منتقل ہوا تاہم اس کے بعد دونوں نے امریکا میں سکونت اختیار کرلی، وہ آزادانہ طور پر انٹرٹینمنٹ، فیشن، کھیل اور صحت کے شعبوں میں کام کرکے الگ پہچان بنانے سمیت خود مختار ہونے کے خواہاں ہیں۔

امریکی خام تیل کی قیمتوں میں منفی رجحان

2020 میں جہاں کئی انوکھے اور حیرت انگیز عالمی واقعات نے تاریخ میں اپنی جگہ بنائی وہیں دنیا کی تاریخ میں پہلی مرتبہ کالا سونا کہلائے جانے والے امریکی خام تیل کی قیمتوں میں منفی رجحان دیکھا گیا۔

21 اپریل کو امریکی بینچ مارک ویسٹ ٹیکساس انٹرمیڈیٹ (ڈبلیو ٹی آئی) مئی کی ڈیلیوری کے لیے منفی 37.63 ڈالر فی بیرل کی سطح پر بند ہوا، یعنی خام تیل کے فروخت کنندہ خریدار کو تیل کے ساتھ ساتھ

37.63 ڈالر فی بیرل دینے پر مجبور ہوگئے۔

امریکی خام تیل کی قیمت تاریخ میں پہلی بار منفی ہونے کے بعد وال اسٹریٹ میں بھی شدید مندی دیکھی گئی امریکا کے علاوہ عالمی منڈی میں بھی تیل کی قیمتوں میں کمی اور پیداوار کے حوالے سے سعودی عرب اور روس کے درمیان تنازع نے تیل کی قیمتیں کم کرنے میں بڑا کردار ادا کیا۔

جس کے بعد اپریل کا آغاز میں ریاض اور ماسکو نے تیل کی پیداوار ایک کروڑ بیرل فی یوم تک کم کرنے پر رضامندی کا اظہار کرتے ہوئے اس تنازع کو ختم کیا تھا۔

تاہم تیل کی قیمتوں میں مزید کمی کا سلسلہ کورونا وائرس کے باعث دنیا کے کئی ممالک میں لگائے لاک ڈاؤن کی وجہ سے جاری رہا جس کے دوران نہ صرف فضائی بلکہ زمینی اور سمندری نقل وحمل کو انتہائی محدود کردیا گیا اور اس کے نتیجے میں تیل کی کھپت میں بھی بڑی کمی ہوئی تھی۔

دنیا کے کئی مقامات پر آتشزدگی

یوں تو سال 2019 سے ہی دنیا کے ایک خطے آسٹریلیا کے جنگلات میں لگی آگ نے وسیع پیمانے پر جنگلی حیات کے لیے تباہ کاریوں کا سلسلہ جاری رہا تاہم سال 2020 میں مزید ایسے آتشزدگی کے واقعات سامنے آئے جس نے بین الاقوامی سطح پر توجہ حاصل کی۔

ایک رپورٹ کے مطابق یہ آگ آسٹریلیا بھر کے جنگلات اور خشک سالی سے متاثرہ زمین کے ایک لاکھ 15 ہزار اسکوائر کلومیٹرز سے زائد (44 ہزار اسکوائر میل) حصے پر لگی تھی جس کے نتیجے میں 30 افراد ہلاک اور ہزاروں گھر تباہ ہوگئے تھے۔

ورلڈ وائڈ فنڈ فار نیچر (ڈبلیو ڈبلیو ایف) کی تحقیق میں یہ بات سامنے آئی کہ اس غیر معمولی آگ کے نتیجے میں 3 ارب جانور ہلاک ہوئے یا متاثرہ علاقہ چھوڑ گئے اور یہ 'جدید تاریخ میں جنگلی حیات کی بدترین تباہی میں سے ایک ہے'۔

25 اگست کو لبنان کے دارالحکومت بیروت کی بندرگاہ پر خوفناک دھماکے نے کئی میل تک عمارتوں کو لرزا کر رکھ دیا تھا جس کے نتیجے میں 190 سے زائد افراد ہلاک اور 6 ہزار زخمی ہوگئے تھے۔

ابتدائی طور پر خیال کیا گیا تھا کہ ممکنہ طور پر دھماکا دہشت گردی کی کارروائی ہے تاہم کچھ دن کی تحقیقات سے ثابت ہوا تھا کہ دھماکا گودام میں 6 سال سے پڑے 2 ہزار 700 ٹن نیوامیونیم نائٹریٹ کی وجہ سے ہوا تھا۔

دھماکا اس قدر شدید تھا کہ اس کی آواز پڑوسی قابض ملک اسرائیل کے سرحدی شہر تک سنی گئی تھی جبکہ اس سے ہونے والے نقصانات کے باعث 2 لاکھ 50 افراد بے گھر بھی ہوئے تھے۔

دھماکے کے بعد شہریوں نے حکومت کے خلاف مظاہرے شروع کیے تھے، جس پر اس وقت کے وزیر اعظم حسن دیب نے 11 اگست کو کابینہ سمیت استعفیٰ دے دیا تھا۔

استعفیٰ دینے کے باوجود انہوں نے نگراں وزیر اعظم

کے طور پر کام جاری رکھا اور دھماکے کی تفتیش کے لیے سینئر جج کی سربراہی میں عدالتی کمیشن بھی قائم کیا جس نے تحقیقات کے بعد وزیر اعظم حسین دیب اور تین وزرا پر غلطت کا الزام لگایا، یعنی کہ وہ ہی دھماکے کے ذمہ داران ہیں۔

رپورٹ کے مطابق عدالتی کمیشن کو ایسے شواہد ملے جن سے معلوم ہوا کہ وزیر اعظم حسن دیب کو گودام میں خطرناک مواد کی موجودگی سے آگاہ کیا گیا تھا اور انہیں یہ بھی بتایا گیا تھا کہ کسی وقت بھی بڑا حادثہ ہوسکتا ہے۔ ماہ اگست میں صرف بیروت ہی نہیں بلکہ صرف 4 روز کے دوران مجموعی طور پر دنیا کے 7 ممالک میں آتشزدگی کے واقعات رونما ہوئے تھے۔

جن ممالک میں یہ واقعات پیش آئے ان میں چین، لبنان، فرانس، شمالی کوریا، عراق، متحدہ عرب امارات اور سعودی عرب شامل تھے۔

سانحہ کرائسٹ چرچ کا ٹرائل اور دہشت گرد کو سزا

سال 2019 میں نیوزی لینڈ کے شہر کرائسٹ چرچ کی مساجد میں فائرنگ کرکے 51 نمازیوں کو قتل کرنے والے دہشت گرد برینٹن ٹیرنٹ کو بغیر پیرول کے عمر قید کی سزا سنائی گئی۔

نیوزی لینڈ کی تاریخ میں پہلی مرتبہ کسی مجرم کو ایسی سزا سنائی گئی کہ جس میں مجرم کو کسی بھی صورت معافی کا حق نہیں دیا گیا۔

خیال رہے کہ گزشتہ سال 15 مارچ کو نیوزی لینڈ کے شہر کرائسٹ چرچ میں ایک سفید فام دہشت گرد نے 2 مساجد پر اندھا دھند فائرنگ کرکے متعدد افراد کو شہید اور زخمی کردیا تھا، ساتھ ہی اس پوری کارروائی کو فیس بک لائیو کے ذریعے براہ راست نشر بھی کیا تھا۔

برینٹن ٹیرنٹ کو 51 افراد کے قتل، 40 کے اقدام قتل اور ایک دہشت گردی کے اقدام کا مجرم قرار دیا گیا تھا۔

جسے سزا دینے کی کارروائی کا آغاز 24 اگست کو ہوا تھا اور 4 روز تک جاری رہنے والی اس کارروائی میں اپنے پیاروں کی جدائی کے کرب سے گزرنے والے لواحقین نے جذباتی انداز میں اپنے بیانات ریکارڈ کروائے تھے۔

جج نے مجرم کو مخاطب کرتے ہوئے اور سزا سناتے ہوئے کہا تھا کہ 'تمہارے جرائم اتنے گھناؤنے ہیں کہ اگر مرنے تک تم کو حراست میں رکھا جائے تو بھی سزا اور مذمت کے تقاضوں کو پورا نہیں کیا جاسکے گا'۔

کارروائی کے دوران استغاثہ نے عدالت کو بتایا تھا

کہ برینٹن ٹیرنٹ ان لوگوں میں خوف پھیلانا چاہتا تھا جن کو وہ خطرہ سمجھتا تھا اور اس نے احتیاط سے منصوبہ بنایا تھا کہ وہ زیادہ سے زیادہ قتل عام کرے۔

برینٹن ٹیرنٹ، جس نے سماعت کے دوران اپنی نمائندگی خود کی لیکن کسی قسم کی سفارشات پیش نہیں

کیں، جج نے برینٹن ٹیرنٹ کو سزا سنانے سے قبل پوچھا کہ اگر اسے کچھ کہنا ہے تو اس نے سر ہلا دیا، جب اسے بتایا گیا کہ اسے اپنی بات کہنے کا پورا حق ہے تب بھی اس نے کچھ نہیں کہا۔

دوسری جانب نیوزی لینڈ کی وزیراعظم جیسنڈا آرڈرن نے فیصلے پر اطمینان کا اظہار کرتے ہوئے کہا تھا کہ 'اسے کبھی سورج کی روشنی نہیں نصیب ہوگی'۔

ان کا کہنا تھا کہ 15' مارچ کا صدمہ اتنی آسانی سے ختم نہیں ہوسکتا لیکن مجھے اُمید ہے کہ آج کا دن وہ آخری دن ہے جس میں ہم اس دہشت گرد کا نام سنیں گا'۔

انہوں نے کہا تھا کہ وہ پوری زندگی کے لیے مکمل خاموشی کا مستحق ہے'۔

کئی مسلمان ممالک نے اسرائیل کو تسلیم کیا

فلسطین کی حمایت کرنے والے افراد بالخصوص مسلمان رواں برس اگست میں اس وقت حیران رہ گئے جب بااثر عرب ریاست متحدہ عرب امارات (یواے ای) نے اسرائیل کے ساتھ اپنے تعلقات معمول پر لانے کے لیے امن معاہدہ کیا۔

نام نہاد 'ابراہام معاہدہ' جو اب اسرائیل اور دیگر خلیجی ریاستوں کے درمیان طویل عرصے سے خفیہ تعلقات کو سامنے لے آیا ہے جس کی بنیاد حالیہ سالوں میں خطے میں موجود مشترکہ حریف ایران کے حوالے سے تشویش پر رکھی گئی تھی۔

اس معاہدہ کے بارے میں اعلان امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے کیا، انہوں نے یہ پیش گوئی بھی کی تھی کہ خطے کے دیگر ممالک بھی یواے ای کے نقش قدم پر چلیں گے اور بعد ازاں ان کا یہ دعویٰ درست بھی ثابت ہوا۔

اس حوالے سے متحدہ عرب امارات نے کہا تھا کہ اسرائیل کے ساتھ امن معاہدہ جرات مندانہ اقدام ہے جس سے اسرائیل اور فلسطین کے مابین طویل

عرصے سے جاری تنازع کا حل ممکن ہوسکے گا۔

بعدازاں 29 اگست کو یواے ای نے اپنے قانون میں شامل اسرائیل کے بائیکاٹ سے متعلق شق منسوخ کردی تھی اور دونوں ممالک کے درمیان نہ صرف تعلقات معمول پر آئے بلکہ عوام سطح پر بھی رابطے بڑھانے کے مختلف اقدامات کیے گئے۔

یواے ای کے بعد بحرین وہ چوتھا مسلمان ملک تھا جس نے اسرائیل سے سفارتی تعلقات بحال کرنے کا اعلان کیا اس سے قبل 1979 میں مصر اور 1994 میں اردن نے اسرائیل سے تعلقات بحال کیے تھے۔

اس کا اعلان کرتے ہوئے امریکی صدر نے ہیرو زبان میں دیئے گئے اپنے پیغام میں کہا تھا کہ میں اسرائیل کے شہریوں کو یہ بتانا چاہتا ہوں کہ اس شام ہم ایک اور عرب ریاست سے امن معاہدہ کرنے میں کامیاب ہو گئے ہیں اور یہ معاہدہ متحدہ عرب امارات سے پہلے ہونے والے امن معاہدے کی روشنی میں تاریخی امن کا موجب بنے گا۔

متحدہ عرب امارات اور بحرین کی جانب سے 15 ستمبر کو باضابطہ طور پر اسرائیل سے تعلقات کی بحالی کے تاریخی معاہدے پر امریکا میں صدر ڈونلڈ ٹرمپ کی موجودگی میں دستخط کیے گئے۔

یہ سلسلہ یہیں نہیں رکا بلکہ اس کے بعد ایک اور مسلمان ملک سوڈان نے اسرائیل کے ساتھ اپنے تعلقات معمول پر لانے کا اعلان کیا۔

سوڈان کا فیصلہ علامتی طور پر اس لیے بھی اہم تھا کیونکہ 1967 میں اس کے دارالحکومت خرطوم میں ہی عرب لیگ نے اسرائیل کو تسلیم نہ کرنے کا فیصلہ کیا تھا۔

مزید برآں امریکا کی ثالثی میں مراکش اور اسرائیل نے تعلقات قائم کرنے کے لیے معاہدے پر اتفاق کیا، معاہدے کے تحت مراکش مکمل سفارتی تعلقات اور سرکاری سطح پر اسرائیل کے ساتھ رابطے قائم کرے گا اور فضائی حدود میں پروازوں کی اجازت کے

ساتھ اسرائیل اور تمام اسرائیلیوں کے لیے پروازوں کی اجازت دینا بھی شامل ہوگا۔

بعدازاں اسرائیل سے تعلقات استوار کرنے والے ممالک کی فہرست میں جنوبی ایشیائی ملک بھوٹان کا بھی اضافہ ہوگیا۔

دونوں ممالک کے درمیان معاہدے پر دستخط کی تقریب بھارت میں اسرائیلی سفارتکار رون مَلکا کے گھر پر منعقد ہوئی۔

امریکی صدارتی انتخاب

سال 2020 جہاں کئی لوگوں کے لیے زیادہ خوشگوار ثابت نہیں ہوا وہیں امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ کے لیے بھی یہ صدمے کا باعث بنا کے اس میں امریکی اقتدار کا ہما پہلی ہی مدت کے بعد ان کے سر سے اڑ گیا۔

امریکا میں صدارتی انتخاب کے لیے ڈاک کے ذریعے بھی ووٹ ڈالے جاتے ہیں اور باضابطہ پولنگ کے لیے مقرر دن سے کئی روز پہلے سے اس کا سلسلہ شروع ہوجاتا ہے، عالمی وبا کے باعث پیدا ہونے والی صورتحال کے باعث امریکی شہریوں کی بہت بڑی تعداد نے ڈاک کے ذریعے اپنا حق رائے دہی استعمال کیا۔

امریکی شہریوں کی بہت بڑی تعداد نے ڈاک کے ذریعے اپنا حق رائے دہی استعمال کیا—تصویر: اے ایف پی

رپورٹس کے مطابق 10 کروڑ 20 لاکھ امریکی شہریوں نے ووٹنگ کے دن سے پہلے ہی اپنا ووٹ دے دیا اس کے باوجود لاکھوں لوگ الیکشن کے روز اپنا حکمران چننے کے لیے قطاروں میں کھڑے نظر آئے۔

ڈاک سے بڑی تعداد میں ووٹنگ کی وجہ سے گنتی میں دیر ہوئی اور انتخابات کے بعد تین روز تک نتائج کے حوالے سے جاری کشمکش اور غیر یقینی کی صورتحال برقرار رہی اس دوران ڈونلڈ ٹرمپ کی جانب سے انتخابات میں دھاندلی اور اپنی جیت کے مضحکہ خیز

دعویٰ بھی کیا جاتا رہا۔

تاہم 7 نومبر کی شام ڈیموکریٹ اُمیدوار 78 سالہ جو بائیڈن 270 سے زائد الیکورل ووٹس حاصل کر کے فاتح قرار دے دیے گئے۔

دوسری جانب امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے حسب توقع صدارتی انتخابات میں اپنی شکست تسلیم کرنے سے انکار کرتے ہوئے ڈیموکریٹس پر الیکشن چرانے کے الزامات لگائے اور نہ صرف انہوں نے یہ دعویٰ کیا بلکہ اس سلسلے میں عدالت سے بھی رجوع کیا۔

بعدازاں سپریم کورٹ میں ٹیکساس کے اٹارنی جنرل کین پکسٹن کے ذریعے دائر کردہ قانونی چارہ جوئی میں مطالبہ کیا گیا کہ چار ریاستوں پینسلوینیا، جارجیا، مشی گن اور وسکونسن میں 10 ملین ووٹوں کو کالعدم قرار دیا جائے، ان چاروں ریاستوں میں صدر ٹرمپ ہار گئے تھے، 50 امریکی ریاستوں میں سے 17 اور 120 ری پبلکن قانون سازوں نے بھی اس اقدام کی حمایت کی۔

تاہم امریکی سپریم کورٹ نے 3 نومبر کو ہونے والے انتخابات کے نتائج کو کالعدم قرار دینے کے مقدمے کو

مسترد کرتے ہوئے وائٹ ہاؤس میں رہنے کی صدر ڈونلڈ ٹرمپ کی آخری کوشش کو ناکام بنا دیا۔

جو بائیڈن 20 جنوری کو 46 ویں امریکی صدر کی حیثیت سے حلف اٹھائیں گے

بالآخر 14 دسمبر کو امریکی الیکورل کالج نے جو بائیڈن کو 2020 کے انتخابات میں فاتح قرار دے دیا جس کے بعد ڈونلڈ ٹرمپ کی مسلسل شکست تسلیم کرنے سے انکار کے باعث 40 دن تک جاری رہنے والے تناؤ کا خاتمہ ہوا۔

امریکی صدر منتخب ہونے کے بعد اب جو بائیڈن 20 جنوری کو ملک کے 46 ویں صدر کی حیثیت سے حلف اٹھائیں گے جس کے بعد اقتدار کا عمل مکمل ہو جائے گا۔

عالمی وبا کورونا وائرس

اب جب ہم اس پورے سال میں عالمی صورتحال پر ایک طائرانہ نظر ڈال رہے ہیں ایسے میں سب سے نمایاں اور وسیع ترین مضمون کورونا وائرس ہی ہے جس کا ذکر کیے بغیر اس سال کو ضبطِ تحریر لانا ممکن ہی نہیں۔

یہ وائرس سال 2019 کے آخر میں چین میں نمودار ہوا اور دیکھتے ہی دیکھتے پوری دنیا میں پھیل گیا، مارچ تک اس وائرس سے سب سے زیادہ متاثر ہونے والا ملک اٹلی تھا لیکن اس کے بعد اس وبا نے دنیا کے سب سے ترقی یافتہ ملک امریکا کو ایسا جکڑا کہ وہ اب تک سنبھل نہیں پایا۔

اکثر ممالک سے وبا کے پھیلاؤ کو روکنے کے لیے لوگوں کے رابطے کو کم سے کم کرنے کی کوشش کی وائرس

کا آغاز کہاں سے ہوا اس کے بارے میں اب تک کا اندازہ یہی ہے کہ یہ جانوروں سے انسانوں میں منتقل ہوا اس کا پھیلاؤ کا ذمہ دار پہلے چمگادڑوں اور پھر پینگولن نامی جانور کو قرار دیا جاتا رہا تاہم ابھی تک ٹھوس بنیاد پر اس بات کی تصدیق سامنے نہیں آسکی کہ کیا یہ جانوروں سے ہی انسانوں میں منتقل ہوا یا اس کے پیچھے کوئی اور راز ہے۔

اس حوالے سے چین اور امریکا کے درمیان لفظی جنگ بھی دیکھنے میں آئی اور امریکا نے واضح الفاظ میں الزام عائد کیا کہ وائرس چین کے شہر ووہان کی لیبارٹری میں تیار کیا گیا اور ساتھ ہی چین میں بائیو ٹیکنالوجی کی حساس لیبارٹریز کا معائنہ کرنے کا بھی مطالبہ بھی سامنے آتا رہا۔

جہاں امریکا نے کورونا وائرس کو چینی وبا قرار دیا، وہیں چین نے بھی امریکا پر الزام لگایا کہ دراصل امریکی فوج ہی ابتدائی طور پر کورونا کو ان کے شہر ووہان لے کر آئی تھی مگر ایسے الزامات کو ثابت نہیں کیا جاسکا اور یہ سب صرف بیانات اور میڈیا کی خبروں کی زینت تک محدود رہے۔

آغاز میں اکثر ممالک نے وبا کے پھیلاؤ کو روکنے کے لیے لوگوں کے رابطے کو کم سے کم کرنے کی کوشش کی اور اس مقصد کے لیے لاک ڈاؤن لگایا گیا جس میں انتہائی ضروری سہولیات کے علاوہ ہر قسم کے کاروباری، سماجی، تفریحی، مذہبی مراکز بند کردیے گئے۔

تاہم وائرس کے پھیلاؤ میں سستی آنے اور معاشی زبوں حالی کو دیکھتے ہوئے ترقی پذیر ممالک کے ساتھ ساتھ ترقی یافتہ ممالک بھی لاک ڈاؤن کا خاتمہ کرنے اور معیشت کے پہیے کو دوبارہ رواں کرنے پر مجبور ہوئے، وبا کا پھیلاؤ سست ضرور ہوا لیکن تھما نہیں۔

چنانچہ موسم سرما کے آغاز کے ساتھ وائرس نے دوسری لہر کی صورت میں ایک مرتبہ پھر سر اٹھایا اور اب دوبارہ اکثر ممالک میں جزوی اور کہیں کہیں مکمل لاک ڈاؤن لگایا جاچکا ہے۔

تاہم حوصلہ افزا بات یہ ہے کہ دنیا میں کورونا ویکسین کی باقاعدہ منظوری دی جاچکی ہے اور کئی ممالک میں ویکسین لگانے کا سلسلہ بھی جاری ہے، لیکن پوری دنیا کو ویکسین ملنے میں سال کے آخری عشرے تک یہ وبا 7 کروڑ 70 سے زائد افراد کو صدقِ طور پر اپنا شکار بنا چکی تھی جس میں سے 4 کروڑ 34 لاکھ سے زائد صحتیاب ہونے میں کامیاب رہے جبکہ تقریباً 17 لاکھ اس جہانِ فانی سے کوچ کر چکے تھے۔

اس ضمن میں تازہ ترین پیش رفت یہ سامنے آئی کہ برطانیہ میں کورونا وائرس کی نئی قسم سامنے آئی ہے، یہ نئی قسم دسمبر کے وسط میں برطانیہ میں دریافت ہوئی تھی اور 19 دسمبر کو عالمی ادارہ صحت کو آگاہ کیا گیا تھا کہ کورونا وائرس کی یہ نئی قسم دیگر کے مقابلے میں زیادہ تیزی سے پھیل رہی ہے۔

دوسری جانب دنیا کے متعدد ممالک نے برطانیہ کے سفر پر پابندی عائد کردی تاکہ انگلینڈ کے جنوبی حصے میں سامنے آنے والے کورونا وائرس کی ایک نئی قسم کو براعظم میں پھیلاؤ سے روکا جاسکے۔

علاوہ ازیں برطانوی وزیراعظم بورس جانسن نے فوری طور پر لاکھوں افراد کے کرسمس کے منصوبوں کو ختم کرتے ہوئے سخت پابندیاں نافذ کردیں۔

☆☆☆

دنیا بھر میں 2020 میں 50 صحافیوں کو قتل کیا گیا، آر ایس ایف

رپورٹرز وِد آؤٹ بارڈرز (آر ایس ایف) کے مطابق 2020 میں 50 صحافی اور میڈیا کارکنوں کو ان کے کام کی بنیاد پر قتل کیا گیا۔

غیر ملکی خبر رساں ادارے 'اے ایف پی' کے مطابق رپورٹ میں کہا گیا کہ بیشتر صحافیوں اور میڈیا کارکنوں کو ایسے خطوں میں قتل کیا گیا جہاں جنگ نہیں چل رہی تھی۔

نگران تنظیم نے بتایا کہ یہ اعداد و شمار منظم جرائم، بدعنوانی یا ماحولیاتی امور کی تحقیقات کرنے والے نامہ نگاروں کو ہدف بنانے میں اضافہ ظاہر کرتا ہے۔

آر ایس ایف کی رپورٹ میں میکسیکو، بھارت اور پاکستان میں صحافیوں کے قتل پر تشویش کا اظہار کیا گیا ہے۔

رپورٹرز وِد آؤٹ بارڈرز نے اپنی سالانہ رپورٹ میں کہا کہ 2019 میں 63 فیصد کے مقابلے میں امسال ہلاک ہونے والوں میں سے 68 فیصد کو اپنے کام کی وجہ 'جان بوجھ کر نشانہ بنایا گیا'۔

آر ایس ایف کے چیف ایڈیٹر پاولین اڈیس میول نے کہا کہ 'کئی برسوں سے رپورٹرز وِد آؤٹ بارڈرز نے یہ بات نوٹ کی ہے کہ تحقیقی صحافی ریاستوں یا کارٹیلز کی کارروائی کا ہدف بنتے ہیں'۔

رپورٹ میں کہا گیا کہ میکسیکو سب سے خطرناک ملک تھا جہاں 8 صحافی یا میڈیا ورکرز کو نشانہ بنایا گیا۔

رپورٹرز وِد آؤٹ بارڈرز کی رپورٹ میں کہا گیا کہ 'منشیات اسمگلروں اور سیاستدانوں کے مابین روابط باقی ہیں اور جو صحافی ان سے متعلقہ معاملات سے پردہ ہٹانے کی ہمت کرتے ہیں انہیں قتل کر دیا جاتا ہے'۔

آر ایس ایف نے مزید کہا کہ 1995 سے میکسیکو کے کسی بھی قاتل کو ابھی تک سزا نہیں دی گئی ہے۔

آر ایس ایف نے حکومت اور طالبان کے مابین امن مذاکرات کے تناظر میں کہا کہ حالیہ مہینوں میں میڈیا کارکنوں پر حملوں میں اضافہ ہوا ہے۔

رپورٹرز وِد آؤٹ بارڈرز کی رپورٹ میں ایرانی حزب اختلاف کے رہنما روح اللہ زام کے معاملے پر بھی روشنی ڈالی گئی ہے۔

خیال رہے کہ روح اللہ زام نے سوشل میڈیا چینل چلایا تھا جس میں حکومت کے خلاف مخالفین کو بھڑکانے کا الزام تھا اور انہیں دسمبر میں پھانسی دی گئی تھی۔

رپورٹ میں کہا گیا کہ 'پھانسی سے ایران ایک ایسے ملک کی حیثیت سے نمایاں ہوا جس نے گزشتہ نصف صدی میں باضابطہ طور پر سب سے زیادہ صحافیوں کو موت کے گھاٹ اتارا'۔

کورونا وائرس کی رپورٹنگ پر چینی صحافی کو 4 سال قید

چینی شہری صحافی کو ووڈ-19 کی وبا کے آغاز کے بعد ووہان میں رپورٹنگ پر 4 سال قید کی سزا سنا دی گئی۔

ان کے وکیل نے کہا کہ چین کے وسطی شہر میں 'نامعلوم وائرل نمونیا' کی تفصیلات منظر عام پر آنے کے تقریباً ایک سال بعد ان کی مؤکلہ کو سزا سنائی گئی۔

اخبار میں شائع فرانسیسی خبر رساں ادارے کی رپورٹ کے مطابق سابق وکیل زانگ زین گزشتہ روز وہیل چیئر پر عدالت میں پیش ہوئی تھیں جہاں شنگھائی کی عدالت نے مختصر سماعت میں انہیں وبا کے پھیلاؤ کے افراتفری پر مبنی ابتدائی مراحل میں جھگڑا کرنے اور اشتعال دلانے کے الزام میں سزا سنائی۔

ان کی لائیو رپورٹس اور مضامین فروری میں سوشل میڈیا پلیٹ فارمز پر شیئر ہوئے تھے، جنہوں نے حکام کی توجہ حاصل کی تھی۔

چینی حکام کی جانب سے 8 وائرس وسل بلوورز کو وبا سے متعلق حکومتی ردعمل پر تنقید کو روکنے کے لیے سزا سنائی جا چکی ہے۔

بیجنگ کی جانب سے اپنی سرحدوں میں وائرس پر قابو پانے میں 'غیر معمولی' کامیابی پر خود کو مبارکباد دی جاتی ہے، جس کی معیشت بھی بہتری کی جانب گامزن ہے جبکہ دنیا کے بیشتر ممالک ووہان میں عالمی وبا کے آغاز سے اب تک لاک ڈاؤن اور بڑھتے ہوئے کیسز کا سامنا کر رہے ہیں۔

غیر معمولی عالمی صحت کے بحران کے دوران چین نے معلومات کے بہاؤ کو کنٹرول کر کے بیانیے کو اپنے حق میں کیا اور ملک کی حکمراں جماعت کی جانب سے صدر شی جن پنگ کو سراہا گیا۔

تاہم ان کے سرکاری بیانیے پر تنقید کرنے والوں کو سنگین مشکلات کا سامنا ہے۔

عدالت نے کہا کہ زانگ زین نے آن لائن 'جھوٹے بیان' جاری کیے، ان کے وکیل زانگ کیکے کے مطابق پراسیکیوشن نے شواہد پوری طرح سے نہیں دیکھے۔

ان کے وکیل نے کہا کہ ہمیں سمجھ نہیں آیا کہ اصل میں زانگ زین پر کیا کرنے کا الزام عائد کیا گیا، انہوں نے کیس کی سماعت کو تیز رفتار قرار دیا۔

دوسری جانب مدعی علیہ نے سوالات کا کوئی جواب نہیں دیا، جب جج نے ان سے اپنی شناخت کی تصدیق کا کہا تو بھی انہوں نے جواب دینے سے انکار کر دیا تھا۔

زانگ زین کی دفاعی ٹیم کے ایک اور رکن کی جانب سے بتایا گیا کہ جب فیصلہ پڑھا گیا کہ تو ان کی والدہ رو پڑیں۔

دوسری جانب زانگ زین کی صحت پر تحفظات کا اظہار بھی کیا جا رہا ہے، جنہوں نے جون میں بھوک ہڑتال شروع کی تھی اور اب انہیں ناک کے ذریعے زبردستی خوراک دی جا رہی ہے۔

ان کی لیگل ٹیم کا کہنا تھا کہ زانگ زین کی صحت گر رہی ہے اور انہیں سر درد، چکر اور معدے میں درد کی شکایت پیش آئی جس کی وجہ سے وہ عدالت میں وہیل چیئر پر پیش ہوئیں۔

انہوں نے کہا کہ گزشتہ ہفتے جب زانگ زین سے ملاقات ہوئی تھی تو انہوں نے کہا تھا کہ اگر وہ مجھے سخت سزا سناتے ہیں تو میں آخر تک کھانے سے انکار کر دوں گی، ان کا خیال ہے کہ وہ قید میں مر جائیں گی۔

زانگ زین نے ووہان کے ابتدائی ردعمل پر تنقید کی تھی، فروری میں انہوں نے مضمون لکھا تھا کہ حکومت نے لوگوں کو زیادہ معلومات نہیں دیں اور شہر کو لاک ڈاؤن کر دیا۔

انہوں نے لکھا تھا کہ یہ انسانی حقوق کی سنگین خلاف ورزی ہے۔

انسانی حقوق کی تنظیموں اور کچھ سفارت خانوں کی جانب سے اس کیس پر توجہ مرکوز کی گئی تاہم کئی ممالک کے سفیروں کی جانب سے سماعت کی نگرانی کی درخواست مسترد کی گئی تھی۔

2021ء مسلم دنیا کے لیے فیصلہ کن سال

آصف شاہد

2020ء میں کورونا وائرس کی وبا نے دنیا کو پوری طرح بدل کر رکھ دیا ہے۔ سماجی میل جول ختم ہوگیا، سفری پابندیاں لگیں اور معاشرہ یکسر تبدیل ہو کر رہ گیا۔

وائرس کے خوف نے جہاں انسانوں کو ایک دوسرے سے دُوری اختیار کرنے پر مجبور کیا وہیں اس سال کچھ سخت حریف یوں قریب آئے کہ لگتا تھا کہ بچھڑے ہوئے ایک عرصے بعد ملے ہوں۔ یہ قربت 'معاہدات ابراہیمی' کے نام پر ہوئی اور انجیل کے تصورات کو ان معاہدوں کے لیے استعمال کیا گیا۔ معاہدات ابراہیمی نے مسلم دنیا میں ایسی ہلچل پیدا کی ہے کہ اس کے اثرات کئی عشروں یا شاید صدیوں تک محسوس کیے جاتے رہیں گے۔

اسرائیل سے تعلقات کے قیام اور تجدید تعلقات کے لیے 5 مسلم، عرب ممالک نے براستہ وائٹ ہاؤس معاہدات ابراہیمی کو اپنایا۔ ان معاہدات ابراہیمی کے لیے امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ اور ان کی اسرائیل نواز ٹیم نے جان توڑ محنت کی۔

صدر ٹرمپ ان معاہدات ابراہیمی کی بنیاد پر دوسری مدت صدارت کا خواب سجائے بیٹھے تھے لیکن یہ خواب چکنا چور ہوگیا۔ امریکی انتخابات میں فراڈ کے الزامات کی گونج اس قدر شدید تھی کہ لگتا تھا تیسری دنیا کے کسی ملک کے الیکشن میں دھاندلی ہوگئی ہے اور دنیا میں جمہوریت کا چیمپئن امریکا بہادران انتخابات کے نتائج کو تسلیم کرنے سے انکار کردے گا اور اس ملک کا معاشی و سماجی بائیکاٹ تب تک جاری رہے گا جب تک وہ ملک ان انتخابات کو کالعدم قرار نہیں دے دیتا، لیکن ایسا کچھ نہیں ہوا کیونکہ یہ امریکا کا اندرونی معاملہ تھا۔

معاہدات ابراہیمی واقعی ایسی بڑی پیشرفت تھی جس پر امریکی صدر کا دوسری مدت کے لیے منتخب ہونا لازم تھا لیکن بُرا ہو کورونا وائرس کا جس کی وجہ سے امریکی معیشت سخت بحران کا شکار ہوئی۔ کروڑوں امریکی بیروزگاری کے طوفان کی زد میں آئے، معاشی مشکلات نے سماجی تضادات کو بھی آشکار کیا اور صدر ٹرمپ کا خارجہ پالیسی کی بنیاد پر الیکشن جیتنے کا منصوبہ ناکام ہوگیا۔

20 جنوری کو امریکا میں انتقالِ اقتدار ہونا ہے لیکن ٹرمپ اب بھی دھاندلی کا رونا رو رہے ہیں اور وائٹ ہاؤس میں انتخابی نتائج کو الٹانے کے منصوبے اب بھی زیرِ بحث ہیں۔ صدر ٹرمپ کے سابق مشیر برائے قومی سلامتی جنرل مائیکل فلن سمیت کئی سخت گیر ری پبلکن مارشل لا کے نفاذ اور ووٹنگ مشینوں کو قبضے میں لے کر سوئنگ ریاستوں میں دوبارہ انتخابات کے مشورے دے رہے ہیں۔ ٹرمپ کے مشیران نے انتخابی نتائج الٹانے کے جتنے بھی نسخے تجویز کیے ہیں وہ قابلِ عمل نظر نہیں آتے اور انتقالِ اقتدار یقینی ہے۔

صدر ٹرمپ 20 جنوری کو وائٹ ہاؤس سے رخصت ہوجائیں گے لیکن جاتے ہوئے وہ نئی بائیڈن انتظامیہ اور دنیا کے لیے کئی مسائل کھڑے کر کے جا رہے ہیں۔ اگر ٹرمپ انتظامیہ کو دوسری مدت مل جاتی تو شاید وہ ان مسائل کو کوئی رخ دے جاتے لیکن اب معاہدات ابراہیمی، افغان امن عمل اور عراق اور شام سے امریکی انخلا کے معاملات پر بائیڈن انتظامیہ کی رائے مختلف ہوسکتی ہے جو معاملات کو مزید الجھانے کا سبب بنے گی۔

گزشتہ 100 سال میں مشرقِ وسطیٰ نے ناقابلِ یقین تبدیلیاں دیکھیں جن میں سلطنتِ عثمانیہ کا خاتمہ، یورپ کا تسلط، اسرائیل کا قیام اور جنگیں، عرب قوم پرستی اور سوشل ازم کے تجربات، امریکی عالمی میں اسرائیل، فلسطین امن کا خواب اور اس کے نتیجے میں ملنے والے دھوکے، انقلابِ ایران، عراق پر حملے کے بعد خطے میں امریکا کا زوال، عرب بہار، داعش کا قیام اور اس کے نتیجے میں ہونے والی بربادی اور ایران کے ساتھ مغرب کے اتحادی عربوں کی صلح کی ناکام کوششیں شامل ہیں۔

گزشتہ 100 سال میں مسلم دنیا نے ناقابلِ یقین تبدیلیاں دیکھی ہیں

نئی صدی میں معاہدات ابراہیمی کے بعد مشرقِ وسطیٰ

میں اسرائیل کا اثر و رسوخ جسے اسرائیلی تسلط سے بھی تعبیر کیا جاسکتا ہے، سب سے اہم عنصر ہے۔ اس کے علاوہ 5 عرب ممالک شام، لیبیا، عراق، لبنان اور یمن خانہ جنگی کا شکار ہیں اور سیاسی طور پر مفلوج یا ناکام ریاست بننے کی طرف بڑھ رہے ہیں، جبکہ ترکی کی پالیسیوں کو خلافتِ عثمانیہ کے احیا کی کوششوں کے طور پر دیکھا جا رہا ہے۔ بحیرہ روم میں ترکی کی پالیسیوں کو نیٹو کا رکن ہونے کے باوجود یورپی اتحاد کے خلاف نئی طاقت شمار کیا جا رہا ہے جو نیٹو کے اصل حریف روس کے قریب ہے اور مشرق وسطیٰ میں روس کی پیش قدمی بھی جاری ہے۔ دوسری جانب چین خطے میں بڑے کھلاڑی کی حیثیت سے قدم جما رہا ہے۔

ترکی جنوب مشرق اور جنوب مغرب میں اپنا اثر و رسوخ بڑھا رہا ہے۔ شام، عراق اور لیبیا میں ترکی کی مداخلت اور نگورنو-کاراباخ میں ترکی کی مدد سے آذربائیجان کی فتح دراصل ترکی کے بڑھتے ہوئے اثر و رسوخ کے مظاہر ہیں۔ عربوں کے سماجی بائیکاٹ کی زد میں آئے قطر کے ساتھ ترکی کی گرم جوشی اسے مشرق وسطیٰ کا اہم کھلاڑی بنا چکی ہے، جبکہ نیٹو کے ساتھ بڑھتے ہوئے تناؤ میں ترکی روس کے ساتھ شراکت کو بڑھا رہا ہے۔ مشرق وسطیٰ کے 3 بڑے ملکوں سعودی عرب، متحدہ عرب امارات اور مصر کے ساتھ بھی ترکی کے تعلقات خوشگوار نہیں رہے۔

معاشی پابندیوں کے بوجھ تلے دبا ایران اپنی تنہائی کے باوجود بغداد اور دمشق کے راستے بیروت تک اثر و رسوخ قائم رکھے ہوئے ہے۔ مصر، اردن اور خلیج تعاون تنظیم کے چند رکن ممالک اسرائیل کے ساتھ مل کر صف بندی کر رہے ہیں اور اسرائیل کی فوجی، سیاسی اور انٹیلی جنس صلاحیتوں سے فائدہ اٹھا رہے ہیں۔ معاہدات ابراہیمی کو مزید فروغ دینے پر کام جاری ہے، مزید 2 مسلم ممالک، جن میں ایک عرب اور ایک ایشیائی مسلم طاقت شامل ہے، جلد اس دائرے میں داخل ہو سکتے ہیں جس کے بعد سعودی عرب بھی معاہدہ ابراہیمی قبول کرنے والا ملک بن سکتا ہے۔

معاہدات ابراہیمی کے بعد اب عرب-اسرائیل اتحاد بنتا نظر آ رہا ہے

معاہدات ابراہیمی کی صورت میں اسرائیل عرب اتحاد تشکیل پا رہا ہے جس کی بنیاد سلامتی کو درپیش خطرات پر ہے۔ اسرائیل اور عربوں کے لیے 2 ہی خطرات ہیں، پہلا ایران اور اس کے اتحادی اور دوسرا سیاسی اسلام جس کی ایک شکل اخوان المسلمون ہے۔ ترکی اور قطر کے ساتھ عربوں کا بنیادی جھگڑا ہی اخوان المسلمون کی حمایت اور مدد پر ہے۔ ایران کا جوہری پروگرام اب خطرہ شمار نہیں ہو رہا بلکہ میزائل اور ڈرونز سمیت ایران اور اس کے اتحادیوں کی روایتی فوجی صلاحیتیں خطرہ شمار کی جا رہی ہیں۔



مشرق وسطیٰ میں اب 3 بڑے جیو پولیٹیکل اتحاد ابھر کر سامنے آئے ہیں، ایک ترکی اور اس کے اتحادی، دوسرا ایران اور اس کے اتحادی اور تیسرا عرب-اسرائیل اتحاد۔

ترکی اور اس کے اتحادی عرب دنیا میں اخوان المسلمون کو بادشاہتوں اور آمریتوں کے لیے دردِ سر بنا کر رکھنا چاہتے ہیں۔ عرب بادشاہتوں نے اخوان المسلمون کو کالعدم دہشتگرد تنظیم قرار دے دیا ہے۔ نام نہاد عرب جمہوریتوں میں بھی اخوان المسلمون اشرافیہ کے لیے خطرہ ہے۔ عرب دنیا کی بادشاہتیں اور نام نہاد آمریتیں سابق صدر مرسی کی طرح کہیں بھی اخوان کے دوبارہ نمودار ہونے اور اس کے باقی ملکوں میں اثرات کو کسی بھی صورت روکنا چاہتے ہیں۔ عرب بہار کے 10 سال مکمل ہونے کے بعد بھی دوبارہ کسی سیاسی تحریک کا خطرہ ابھی تک صرف دبایا ہی جا سکا ہے، ختم نہیں ہوا ہے۔ عرب ریاستیں محمد مرسی کی طرح کہیں اور اخوان کو نمودار ہونے سے روکنا چاہتی ہیں

عرب بادشاہتیں اب اسرائیل کی سکیورٹی اور ٹیکنالوجی سے فائدہ اٹھانے کی خواہاں ہیں اور اضافی فائدہ اسرائیل کا وائٹ ہاؤس میں اثر و رسوخ ہے۔ انتظامیہ کوئی بھی ہو اسرائیل وائٹ ہاؤس کے لیے ہمیشہ اہم رہا ہے۔ ٹرمپ انتظامیہ میں اسرائیل کی اہمیت کئی گنا بڑھ گئی تھی لیکن بائیڈن انتظامیہ بھی اسرائیل کو نظر انداز نہیں کر سکتی۔

عرب-اسرائیل اتحاد کو بائیڈن انتظامیہ کے حوالے سے کچھ خدشات ہو سکتے ہیں لیکن ترکی کے حوالے سے بائیڈن کا موقف ڈھکا چھپا نہیں ہے۔ اسی لیے اسرائیل-عرب اتحاد کو کچھ حوصلہ ہے کہ ترکی کی مخالفت میں انہیں بائیڈن انتظامیہ سے رعایتیں مل سکتی ہیں۔ البتہ اخوان کے حوالے سے بائیڈن انتظامیہ کا رویہ مختلف ہو سکتا ہے کیونکہ عرب بہار بھی اوباما انتظامیہ کی 'پیشکش' تھی اور بائیڈن انتظامیہ میں اوباما کے بہت سے ارکان شامل ہیں۔

اخوان کے حوالے سے بائیڈن کا رویہ مختلف ہو سکتا ہے کیونکہ عرب بہار دراصل اوباما انتظامیہ کی پیشکش تھی

عرب-اسرائیل اتحاد کو بائیڈن انتظامیہ کے حوالے سے سب سے بڑا خدشہ ایران پالیسی پر ہے اور اگر بائیڈن انتظامیہ ایرانی جوہری پروگرام پر بین الاقوامی معاہدے میں دوبارہ شامل ہو جاتی ہے تو یہ عرب-اسرائیل اتحاد کے لیے بڑا دھچکا ہوگا۔ بائیڈن کی ایران پالیسی کسی بھی غیر متوقع واقعے یا اشتعال انگیزی میں بدل سکتی ہے اور سینیٹ پر کنٹرول کی کشمکش بھی اس پالیسی پر اثر انداز ہوگی۔ امریکی سینیٹ میں اکثریت کا فیصلہ جارجیا میں ہونے والے رن آف کے نتیجے پر لٹکا ہوا ہے۔

غیر متوقع حالات یا اشتعال انگیزی سے بائیڈن انتظامیہ کی پالیسی بدلوانے کی کوشش انتقالِ اقتدار سے پہلے شروع ہو چکی ہے۔ ایرانی جوہری پروگرام کے خالق محسن فخری زادے کا قتل ایسی ہی کوشش تھی۔ ایران اس کوشش کو سمجھتا ہے اسی لیے ایران کی طرف سے ردِعمل نرم تھا۔ امریکی سینٹرل کمانڈ مشرق وسطیٰ میں بی 52 طیارے اور ایف 35 کا اسکواڈرن لا کر کسی بھی غیر متوقع ردِعمل کے لیے تیار رہی لیکن ایران سخت ردِعمل سے گریزاں ہے اور انتقالِ اقتدار کا منتظر ہے۔ اب بھی ٹرمپ انتظامیہ آخری 2 ہفتوں میں اسرائیل کو استعمال کر کے خطے میں جنگ چھیڑنے کی کوشش کر سکتی ہے۔

سعودی شہر نیوم میں اسرائیل اور اعلیٰ سعودی قیادت کے مذاکرات بھی بائیڈن انتظامیہ کے لیے ایک پیغام تھے کہ واشنگٹن کے اتحادی اب نئی صف بندی کر رہے ہیں۔ سعودی عرب اور اسرائیلی قیادت کی ملاقات کی خبر سوچ سمجھ کر لیک کی گئی جس کے لیے ریاض نے رضامندی ظاہر کی تھی، اسی لیے اس لیک پر ریاض نے برا نہیں منایا۔

اسرائیل اور سعودی عرب میں تعلقات کا قیام شاہ سلمان کی زندگی میں ممکن نہیں اور اسرائیل اس بات کو سمجھتا ہے اسی لیے زیادہ بے چینی نہیں دکھائی جا رہی اور خفیہ طور پر دونوں ملک انٹیلی جنس سمیت کئی شعبوں میں تعاون جاری رکھے ہوئے ہیں۔ اسرائیل سے تعلقات کا قیام ایسا سوال ہے جس نے سعودی شاہی خاندان کی اندرونی کشمکش کو دنیا کے سامنے اجاگر کر دیا ہے۔

معاہدات ابراہیمی کے بعد منامہ میں ہونے والے سیکیورٹی ڈائیلاگ میں شہزادہ ترکی الفیصل نے اسرائیل کو مغرب کی نوآبادیاتی طاقت قرار دیا جو فلسطینیوں کو حراستی کیمپوں میں رکھ کر تشدد کا نشانہ بنا رہی ہے اور جسے چاہتی ہے قتل کر دیتی ہے۔ سعودی شاہی خاندان کے اندر سے اٹھنے والی اس آواز نے اسرائیل کو ششدر کر دیا اور منامہ ڈائیلاگ میں سعودی شہزادے کے بعد خطاب کے لیے آنے والے اسرائیلی وزیر دفاع کو وضاحت کرنا پڑی کہ شہزادہ ترکی نے معاہدہ ابراہیمی سے ہٹ کر جذبات کا اظہار کیا۔

ترکی الفیصل کی یہ آواز اس لیے بھی اہم ہے کہ وہ برسوں مغرب میں سعودی سفیر رہے اور کئی مواقع پر اسرائیلیوں کے ساتھ سعودی روابط کا ذریعہ بنے۔ ایک اور آواز جو اسرائیل کے ساتھ تعلقات کے حق میں ہے وہ شہزادہ بندر بن سلطان کی ہے۔ ترکی الفیصل اور بندر بن سلطان دراصل سعودی شاہی خاندان میں دو گروپوں کی نمائندہ آوازیں ہیں اور سعودی شاہی خاندان اس وقت اندرونی کشمکش کے حالات میں بڑا فیصلہ نہیں کر پائے گا اسی لیے مسلم دنیا کے دوسرے بڑے ملکوں پر دباؤ بڑھایا جا رہا ہے کہ وہ پہل کریں۔

عرب دنیا کی طرف سے دباؤ پاکستان بھی برداشت کر رہا ہے۔ اس دباؤ کی واضح نشانیاں متحدہ عرب امارات کی طرف سے پاکستانیوں کے لیے ویزے بند کرنا اور بھارتی آرمی چیف کا عرب امارات اور سعودی عرب کا دورہ ہے۔

پاکستان میں اسرائیل کو تسلیم کرنے کے حوالے سے ایک سوچ موجود رہی ہے۔ سابق صدر پرویز مشرف کے دور میں اس پر کام بھی ہوا اور سابق وزیر خارجہ خورشید محمود قصوری نے ترکی میں اسرائیلی حکام سے ملاقاتیں بھی کیں جس کا وہ اعتراف بھی کرتے ہیں۔ خورشید قصوری اور سابق اسرائیلی وزیر خارجہ سیلون شیلوم کی 2005ء میں استنبول میں ہونے والی ملاقات — تصویر اے پی

پاکستان میں ایک بار پھر اس سوچ کے حامی سرگرم ہیں اور رائے عامہ بنانے کے لیے پہلی بار کھلی بحث چھیڑی گئی ہے۔ اس کے لیے ایک دوسرے پر الزامات بھی لگائے جا رہے ہیں کہ کون اسرائیل کا پرانا دوست ہے۔ جمعیت علمائے اسلام کے رہنما مولانا اجمل قادری کو میدان میں اتارا گیا ہے تاکہ 2 بڑی جماعتیں جو اس وقت اپوزیشن میں ہیں انہیں دباؤ میں لایا جا سکے اور کوئی مخالفت برقرار نہ رہے یا پھر مخالفت کرنے والوں کی اپنی ساکھ اس معاملے میں اس قدر مجروح کر دی جائے کہ ان کی بات پُراثر نہ رہے۔ اجمل قادری نے یہ دعویٰ کیا ہے کہ سابق وزیراعظم نواز شریف کے دور میں ایک وفد نے اسرائیلی حکام سے ملاقات کی تھی اور وہ بھی اس وفد کا حصہ تھے۔

پاکستان میں اسرائیل کے حوالے سے اثرات کی سیاست ملک کو کوئی فائدہ نہیں دے گی بلکہ اس وقت ضرورت اس بات کی ہے کہ پاکستان اپنے روایتی عرب دوستوں کے ساتھ تعلقات کو خراب ہونے سے بچائے اور انہیں بھارتی پلڑے میں اپنا وزن ڈالنے سے روکنے کی کوشش کرے۔ 70 برسوں میں کسی بھی بھارتی آرمی چیف کا دورہ سعودی عرب اور ریاض–دہلی سیکیورٹی تعاون کے امکانات پاکستان کی سلامتی کے لیے چھوٹا خطرہ نہیں۔

سعودی شاہی خاندان اگر اپنے اقتدار کے لیے پاکستان کو قربانی پر مجبور کر رہا ہے تو پاکستان کو اپنی سلامتی اور خودمختاری پر سمجھوتہ کیے بغیر سفارتی سطح پر کوئی راہ نکالنا ہوگی۔ امارات اور سعودی عرب کے ساتھ تعلقات میں خرابی پہلے سے مشکلات کی شکار معیشت کو بڑے نقصانات سے دوچار کر دے گی۔

پاکستان سعودی عرب کی طرف سے اسٹیٹ بینک میں رکھوائے گئے 2 ارب ڈالر واپس کر چکا ہے اور مزید ایک ارب ڈالر اگلے سال کے آغاز پر واپس کرنے کا پابند ہے۔ ان حالات میں اندرونی سیاست میں کوئی بھونچال مزید خرابی کا باعث بنے گا اور الزامات کی سیاست کا تسلسل کوتاہ بینی کے سوا کچھ نہیں۔ ابھی جس ایشیائی مسلم ملک کے اسرائیل کو تسلیم کرنے کی بات ہو رہی ہے اس میں پاکستان کے علاوہ دوسرا ممکنہ نام انڈونیشیا کا ہے جو مسلم دنیا میں آبادی کے اعتبار سے سب سے بڑا ملک ہے۔ پاکستان میں اسرائیل کو تسلیم کرنے کے حامی ایک مہم چلا رہے ہیں لیکن کسی کے پاس بھی قابل عمل تجویز نہیں کہ پاکستان کو اتنے بڑے سفارتی ایڈونچر سے کیا ملے گا؟

جیسے عرب امارات نے اس سفارتی ایڈونچر کے ذریعے ایف 35 طیاروں اور ڈرونز تک رسائی حاصل کر لی ہے۔ اسرائیل کی ٹیکنالوجی تک بھی اس کی رسائی ہو چکی ہے اور مستقبل میں مشترکہ دفاعی پیداوار کے منصوبے بن رہے ہیں۔

عرب امارات نے اسرائیل کو تسلیم کر کے ایف 35 طیاروں اور ڈرونز تک رسائی حاصل کر لی ہے

سوڈان نے دہشتگرد ملکوں کی فہرست سے نام نکلوا لیا ہے، معاشی پابندیوں سے نجات پائی ہے اور سب سے بڑھ کر مغربی صحارا پر خودمختاری تسلیم کرا لی ہے۔ کیا پاکستان کے پاس کوئی آپشن ہے؟ کیا اسرائیل جو بھارت کا دفاعی پارٹنر ہے وہ پاکستان کو ٹیکنالوجی تک رسائی دے گا؟ کیا امریکا بھارت کو ناراض کر کے پاکستان کے ساتھ دفاعی شراکت بڑھائے گا؟ کیا سوڈان کی طرح پاکستان متنازع علاقوں پر خودمختاری تسلیم کروا پائے گا؟ کیا سوڈان کی طرح پاکستان کو قرض ریلیف دیا جائے گا؟ یہ ہیں وہ سوالات جن پر غور اور مباحثے کی ضرورت ہے لیکن قومی سیاسی قیادت کا رویہ محلے کی پچھلی گلی جیسا ہے جو خود پر بدکرداری کے الزامات کی صفائی نہیں دیتی بلکہ جواب میں دوسروں پر بدکرداری کے الزامات لگاتی ہے۔

اسرائیل کے ساتھ معاہدات ابراہیمی کے دائرے میں آنے والے مسلم ممالک کے لیے فلسطینی ریاست سے بھی بڑا سوال قبلہ اول کو لاحق خطرات ہیں۔ امریکا، اسرائیل اور عرب امارات کے مشترکہ بیان کو ایک بار پھر غور سے پڑھنے کی ضرورت ہے۔

اس مشترکہ بیان میں کہا گیا کہ اسرائیل۔ فلسطین تنازع کے منصفانہ، جامع اور پائیدار حل کے لیے عرب امارات اور اسرائیل اپنی کوششیں جاری رکھیں گے، امن سے آنے والے تمام مسلمان مسجد اقصیٰ اور یروشلم کے تمام مذہبی مقامات پر عبادت کر سکیں گے اور تمام مذاہب کے پُرامن عبادت گزاروں کے لیے تمام مقامات کھلے رہیں گے۔

مشترکہ بیان کی یہ سطور واضح کرتی ہیں کہ مسجد اقصیٰ تمام مذاہب کے لیے کھولی جائے گی اور مسلح یہودی آبادکار اور اسرائیلی فوجی جو پہلے ہی آئے روز مسجد اقصیٰ میں زبردستی گھسنے کی کوشش کرتے ہیں، اس مشترکہ بیان نے ان کی اس دراندازی کو جائز قرار دے دیا ہے۔

'پُرامن عبادت گزار' کے الفاظ کا استعمال کر کے اسرائیل کو کسی بھی فرد کو روکنے، ملک بدر کرنے یا اس کے خلاف طاقت کے استعمال کا حق بھی دے دیا گیا ہے۔ مزید یہ کہ اس معاہدے میں مسجد اقصیٰ کی نئے سرے سے حد بندی بھی کر دی گئی ہے اور مسجد کا جو ڈھانچہ موجود ہے صرف اسے مسجد تسلیم کیا گیا ہے جبکہ صحن کو مسجد تسلیم نہیں کیا گیا۔ یہی وہ دعویٰ ہے جس کی بنیاد پر اسرائیل مسجد کو تقسیم کرنے کی کوشش کرتا ہے اور یہودی آبادکار اسلحے کے زور پر صحن میں گھس کر اپنی مذہبی روایات پوری کرنا چاہتے ہیں۔ عرب امارات کے بعد بحرین، سوڈان اور مراکش نے بھی معاہدات ابراہیمی کا حصہ بن کر اسرائیلی دعوؤں کو تسلیم کر لیا ہے۔

مسلم ممالک کے لیے فلسطینی ریاست سے بڑا سوال القدس کی حفاظت ہے

پاکستان سمیت تمام عالم اسلام میں اسرائیل سے تعلقات استوار کرنے کے حامیوں نے کیا اس نکتے پر غور کیا ہے؟ پاکستان سمیت تمام اسلامی دنیا پہلے ہی انتہاپسند عناصر کے نرغے میں ہے اور ان سے چھٹکارا پانے کی کوششوں میں مصروف ہے۔ کیا مسجد اقصیٰ پر اسرائیلی خودمختاری کو تسلیم کیے جانے سے انتہاپسندی روکنے کی کوششوں کو دھچکا نہیں لگے گا؟ کیا دہشتگردی کی نئی لہر نہیں اٹھے گی؟ مسجد اقصیٰ پر اسرائیلی خودمختاری تسلیم کرنے کا شائبہ بھی انتہاپسندوں کو جواز فراہم کر سکتا ہے، اس لیے مسلم دنیا کو محتاط انداز سے آگے بڑھنے کی ضرورت ہے۔

2020ء اُ مشرق وسطیٰ اور مسلم دنیا کے لیے خوشگوار سال نہیں رہا اور 2021ء اُ اس سے زیادہ مشکلات سے بھرا سال ہے۔ عرب ملکوں میں خانہ جنگی، اسرائیل عرب اتحاد کے مقابل ایران اور اتحادی اور ترکی اور اس کے اتحادیوں کی جوابی مثلث سامنے آئی ہے وہ خطے میں نئے چیلنجوں اور کشمکش کو پیدا کرے گی۔

سعودی شاہی خاندان میں موجود تقسیم کو مدنظر رکھیں تو آنے والا سال سعودی مملکت کے مستقبل کے تعین اور شاہی خاندان کی قسمت کے لیے بھی فیصلہ کن ثابت ہوگا۔ مسلم دنیا نئے تنازعات کا شکار ہوتی نظر آتی ہے جبکہ انتہاپسندی کی نئی لہر کے جنم لینے کے امکانات کی بنیاد 2020ء میں ہی رکھی جا چکی ہے۔

☆☆☆

کورنگی نمبر 1 یوسی 35 چکرا گوٹھ کا قبرستان

منشیات پینے والوں کی آماجگاہ بن گیا، انتظامیہ کی نااہلی کا منہ بولتا ثبوت

رپورٹ: ساگر راہی

کورنگی 1 نمبر یوسی 35 چکرا گوٹھ قبرستان منشیات فروشوں کے رحم وکرم پر چل رہا ہے۔ گزشتہ اتوار ایک مختصر سے سروے میں حیرت انگیز انکشافات سامنے آئے۔ کورنگی نمبر 1 یوسی 35 چکرا گوٹھ میں واقع قبرستان بہت وسیع و عریض قبرستان ہے اور اس قبرستان کو تقریباً 35 سے 40 سال کا عرصہ بیت گیا ہے۔ ان 35 سے 40 سالوں میں اس وسیع و عریض قبرستان میں کسی بھی قسم کی کوئی سہولت میسر نہیں، اسی سروے کے دوران دیکھا گیا کہ محلے کا سیوریج کا نظام بھی درہم برہم ہے اور سیوریج کا گندہ پانی

قبرستان میں اس طرح داخل ہورہا ہے جیسے کسی نہر کا پانی سمندر سے مل رہا ہو۔ 35 سے 40 سال پرانا وسیع و عریض قبرستان اپنی بے بسی کی ہزار داستانیں سنا رہا ہے مگر کوئی اہل ثروت اس کی داستان سننے کو تیار نہیں۔ 35 سے 40 سال پرانی قبریں آج بھی منتظر ہیں کہ کوئی مرد قلندر انکی طرف نظر اٹھا کر دیکھ لے اور انکی مرمت، سیوریج اور دیگر معاملات کو بہتر کر سکے، مگر آنکھ سے اندھی اور کانوں سے بہری انتظامیہ خواب غفلت کی چادر اوڑھے سو رہی ہے اسی سروے کے دوران دیکھا گیا کہ منشیات پینے والے، فروخت کرنے والے اس قبرستان کے ٹھیکیدار بن کر بیٹھے ہوئے ہیں۔ جگہ جگہ نشہ کرنے والے حضرات ڈیرہ جمائے بیٹھے ہوئے نظر آئے اسی دوران وہاں کے رہنے والے کچھ لوگوں سے وہاں کے حالات و واقعات جاننے کیلئے ان سے تاثرات لیے گئے تو انہوں نے کچھ اس طرح کا بیان دیا جس سے دل افسردہ ہوگیا سب سے پہلے محمد اصغر یہاں کے بزرگ شہری جو ڈنڈے والے بابا کے نام سے مشہور ہیں یہ بزرگ شہری 35 سال سے یہاں قبرستان میں رہ کر اپنی زندگی کے دن گزار رہے ہیں اور پانی فروخت کر کے اپنا گزر بسر کر رہے ہیں ان سے بات چیت کے دوران انہوں نے بتایا کہ یہاں کی انتظامیہ یوسی 35 کے کونسلر کا کسی قسم کا کوئی تعاون درکار نہیں انہوں نے مزید بتایا کہ قبرستان کے حوالے سے جو بھی اخراجات یا تعمیراتی کام ہوتے ہیں یہ اپنی

مدد آپ کے تحت کرواتے ہیں۔ قبرستان میں گندگی دور کرنے کے حوالے سے انہوں نے کئی بات آواز اٹھایے مگر کسی کے کان پر جوں تک نہیں رینگی۔ قبرستان کی دیوار کیساتھ ہی بڑے پیمانے پر کچرا کنڈی پائی جاتی ہے اور قبرستان کے بالکل سامنے رہائشی مکانات بنے ہوئے ہیں جو اپنے گھروں کا کچرا اور گندگی اور گٹروں کا گندہ پانی قبرستان کی طرف کر دیا ہے۔ ان سے مزید گفتگو کی گئی اور پوچھا گیا کہ جو لوگ یہاں بیٹھ کر نشہ کرتے ہیں اس کے خلاف متعلقہ تھانے میں کوئی رپورٹ درج نہیں کی تو اس کے جواب میں انہوں نے کہا کہ کئی بار متعلقہ تھانے میں رپورٹ کی ہے مگر تھانہ بھی اس حوالے سے کوئی ایکشن نہیں لیتا۔ اسی قبرستان کا مزید سروے کیا گیا تو دوران سروے ایک ایسے مقام پر پہنچے جہاں کمرے تو تھے مگر ان کمروں کے نہ تو دروازے تھے اور نہ ہی کھڑکیاں تھیں، یہاں نشہ کرنے والے حضرات بیٹھ کر آئس، شیشہ، چرس، ہیروئن، شراب کا نشہ کرتے ہیں۔ دو دن پہلے ہی سوشل میڈیا پر اس کی ویڈیو بنا کر ڈال چکے ہیں اس ویڈیو کا لنک ہم اس تحریر کے آخر میں منسلک کریں گے۔ مزید آگے چلتے ہیں اسی سروے کے دوران قبرستان میں ایک قبرستان بھی واقع ہے جو عبداللہ شاہ نورانی کے نام سے منسوب ہے جسے لوگ چھوٹے نورانی کے نام سے جانتے ہیں۔ یہاں کے بھی کچھ مسائل کم نہیں ہیں بلکہ یوں کہا جائے کہ اس مزار کے مسائل اپنی مثال آپ ہیں۔ یہاں ہماری ملاقات دوسرے بزرگ شہری سے ہوئی جن کا نام محمد عمر ہے اور یہ تقریباً 20 سال سے (باقی صفحہ 28 پر)

ورک فرام ہوم کا تجربہ

پاکستان کی نیوز ویب سائٹس کے مدیران کیا کہتے ہیں؟

فہیم پٹیل

کورونا اور اس سے پیدا ہونے والی صورتحال سے بھلا کون واقف نہیں؟ اس کرہ ارض پر شاید ہی کوئی ایسا خوش نصیب ہو جو اس وبا کے سبب آنے والی مشکلات سے محفوظ رہا ہو۔ کونسا طبقہ ہے، جس نے اس وبا کو اپنے لیے سکون و راحت کا ذریعہ سمجھا ہو؟

پھر اس بیماری کی وجہ سے ہر کام کے طریقہ کار میں تبدیلی دیکھنے کو ملی۔ بڑے بڑے ہجوم میں ہونے والی محفلیں سکڑ گئیں، دوستوں، یاروں اور خاندان والوں کے ساتھ ملنا ملانا بھی محدود ہو گیا۔ بلکہ کسی کے پاس جاتے ہوئے یہی ڈر لگا رہتا کہ اس کو ہمارا آنا کہیں بُرا نہ لگے۔

صورتحال یہ ہو گئی کہ خبر کے جتنے بھی ذرائع ہیں، وہاں اسی بیماری سے متعلق خبروں نے مایوسی کے ڈیرے ڈالے رکھے۔ عام حالات میں تو جہاں کوئی حادثہ رونما ہوتا وہاں میڈیا سے تعلق رکھنے والے افراد سب سے پہلے پہنچے ہوتے، مگر کورونا نے یہاں بھی نظام کو ہلا کر رکھ دیا۔

اس بیماری کی آمد اور لاک ڈاؤن کے بعد جہاں باقی ہر شعبے نے گھر سے کام کرنے کو فوقیت دی، وہیں میڈیا اور خاص کر ڈیجیٹل میڈیا کی انتظامیہ نے بھی اس فارمولے کو اپنایا اور شاید تاریخ میں پہلی مرتبہ ایسا ہوا ہو کہ خبر سے تعلق رکھنے والے باہر نکلنے کے بجائے گھر سے ہی خبر کی تلاش میں مصروف ہو گئے۔

اس لیے بطور بلاگ ایڈیٹر میں نے اور میری ٹیم نے یہ سوچا کہ کیوں نہ پاکستان کے بڑے اداروں سے تعلق رکھنے والے مدیران سے رابطہ کیا جائے اور ان سے ان کے تجربات جاننے کی کوشش کی جائے کہ اس سال لگنے والے لاک ڈاون کے بعد گھر سے کام کرنے سے متعلق ان کے تجربات کیسے رہے؟

ہم نے ان مدیران سے کچھ سوال پوچھے، اور انہوں نے بہت اچھے انداز میں ان تمام سوالات کے جوابات دیے۔ تو آیئے آپ بھی ان غیر معمولی اور دلچسپ تجربات کو جانیے۔

جہانزیب حق

چیف ڈیجیٹل اسٹریٹجسٹ، ایڈیٹر، ڈان ڈاٹ کام

بطور ایڈیٹر یہ سال آپ کے لیے کیسا گزرا؟

یہ سال بہت ہی مشکل رہا۔ میڈیا پہلے ہی معاشی مشکلات کا شکار تھا اور کورونا کی وبا نے ان مشکلات میں مزید اضافہ کر دیا۔ اخراجات میں کمی کے لیے کیے جانے والے اقدامات کے ساتھ ساتھ ورک فرام ہوم کے چیلنجز سے لڑتے ہوئے دفتری کام انجام دینا واقعی مشکل تھا۔ ان چیلنجز کی وجہ سے پیدا ہونے والی غیر یقینی کا مقابلہ کرنا سب سے زیادہ مشکل تھا۔ آخر آدمی اپنی صحت کی فکر کرے، لوڈ شیڈنگ کی فکر کرے یا پھر تنخواہوں میں کٹوتی کی؟

ایک عمومی تاثر یہ ہے کہ ورک فرام ہوم آسان کام ہے۔ اس حوالے سے آپ کا تجربہ کیسا رہا؟

مجھ سمیت تمام آن لائن ایڈیٹروں کے لیے ابتدائی کچھ ماہ بہت افراتفری اور دباؤ کے تھے۔ لیکن جیسے جیسے کام میں روانی آتی گئی تو ہمیں احساس ہوا کہ ورک فرام ہوم کا تجربہ خاصہ اچھا ہے۔ کچھ حوالوں سے تو یہ دفتر میں کام کرنے سے بھی زیادہ مؤثر ہے۔ ہو سکتا ہے کہ اس دوران حاصل ہونے والے تجربے کی وجہ سے مستقبل میں کچھ مخصوص ڈیسک اور کاموں کا انداز تبدیل ہو جائے۔

ورک فرام ہوم کے دوران سب سے بڑا چیلنج کیا رہا؟

جیسا کہ میں پہلے بتا چکا ہوں سب سے بڑا چیلنج تو غیر یقینی اور اس کے نتیجے میں ہونے والی حوصلہ شکنی اور دباؤ تھا۔ اس کے علاوہ تو آپ ہر چیز سے نمٹ سکتے ہیں۔

آپ کی ٹیم نے اس چیلنج کا مقابلہ کیسے کیا؟

اس کا مختصر جواب تو یہ ہے کہ انہوں نے قابل ستائش طریقے سے اس کا سامنا کیا۔ میرا خیال ہے کہ اگر میں ان کی جگہ ہوتا تو شاید میں اتنا بہتر کام نہ کر سکتا جتنا عمدہ کام میری ٹیم نے کیا ہے۔ انہوں نے غیر معمولی طریقے سے کام کے دباؤ اور اپنی ذاتی زندگیوں پر پڑنے والے شدید اثرات کا سامنا کیا ہے۔ میں ان دنوں کو یاد کرتا ہوں جب میں ایک کاپی رائٹر تھا اور سوچتا ہوں کہ کیا میں بھی اس طرح کام کر سکتا تھا۔

گھر سے کام کرتے ہوئے کوئی ایسا تجربہ جو بہت یادگار رہا ہو (خوشگوار یا ناخوشگوار)

کراچی میں ہونے والی مون سون بارشوں سے مختلف علاقے شدید متاثر ہوئے تھے اور اس سے کام میں بہت زیادہ خلل پڑا تھا۔ گھروں میں پانی بھر جانے اور کئی کئی دن تک بجلی نہ ہونے کی وجہ سے معمول کے

مطابق کام کرنا مشکل تھا۔اس سے ورک فرام ہوم کی ایک خامی بھی اجاگر ہوئی۔

ورک فرام ہوم کے دوران غیر یقینی اور حوصلہ شکنی کی

کیفیت پر قابو پانا ایک چیلنج تھا

فرحان محمد خان

مینجنگ ایڈیٹر،ڈان نیوز ڈاٹ ٹی وی

بطور ایڈیٹر یہ سال آپ کے لیے کیسا گزرا؟

کورونا وائرس نے جس طرح پوری دنیا کو ہلا کر رکھ دیا تو یقیناً میں بھی اس دنیا کا باسی ہوں اور پوری طرح سے ہل گیا ہوں، آپ مجھے ہلا ہوا کہہ سکتے ہیں۔

سال 2020، بہت کٹھن اور مشکل رہا، بے درپے قدرتی عزیز و احباب اور ملک کی نامور شخصیات کی اموات نے غمزدہ کیے رکھا۔ سال کے آغاز میں صرف 2 ماہ ہی خیر و عافیت سے گزرے اور پھر مارچ سے اب تک ہر ماہ کسی قدرتی عزیز، مطلے دار کی دنیا سے گزرنے کی خبر غمگین کیے دیتی ہے۔ ابھی 4 دن پہلے ہی ایک دوست جس کی عمر صرف 32 سال تھی، انتقال کر گیا۔

کورونا نے جہاں نجی زندگی کو متاثر کیا وہیں پیشہ ورانہ زندگی بھی مشکلات کا شکار رہی۔

ڈان اردو ویب سائٹ کی بڑی ٹیم کو لیڈ کرنا یقیناً اعزاز کی بات ہے۔ ہم نے مارچ کے آغاز میں ہی اپنی 2 ڈیسک کو گھر سے کام کی اجازت دے دی تھی اور پھر 20 مارچ سے ہماری پوری ٹیم نے دفتری امور گھر سے انجام دینا شروع کر دیے تھے۔

ایک عمومی تاثر یہ ہے کہ ورک فرام ہوم آسان کام ہے۔ اس حوالے سے آپ کا تجربہ کیسا رہا؟

گھر سے کام کرنا زندگی کا پہلا تجربہ تھا جو اب تک جاری ہے۔ ایسی صورتحال میں جب تمام ارکان آپ کے سامنے موجود نہ ہوں، انہیں ہدایات دینا، ان سے کام لینا اور مختلف آئیڈیاز کو سینئر کرنا بہت مشکل صورتحال تھی۔ گھر سے کام کے دوران آغاز کے 2، 3 مہینے نہایت کٹھن گزرے، بڑی ٹیم کو آن لائن سنبھالنا (مینج کرنا) آسان کام نہیں تھا۔

اور خصوصی طور پر جب آپ کراچی جیسے شہر میں رہتے ہوں جہاں بجلی اور انٹرنیٹ کی فراہمی کے مسائل ہیں تو آن لائن امور انجام دینا کسی چیلنج سے کم نہیں۔

میرے خیال میں گھر سے کام کرنے کا سب سے بڑا فائدہ یہی تھا کہ آپ کورونا وائرس سے خود کو اور اپنے گھر والوں کو بہتر طور پر محفوظ رکھ سکیں، باقی دیگر فوائد بھی ہیں لیکن نقصانات کی فہرست طویل ہے۔

ورک فرام ہوم کے دوران سب سے بڑا چیلنج کیا رہا؟

گھر سے کام کے دوران سب سے بڑی مشکل بجلی اور انٹرنیٹ کی فراہمی میں تعطل تھا۔ نیوز ویب سائٹ ہونے کی وجہ سے ہمیں فوری نوعیت کی خبروں کا سامنا رہتا ہے لیکن جب ٹیم کے ارکان کے گھروں میں بجلی نہ ہو یا انٹرنیٹ کی فراہمی منقطع ہو تو خبروں کو بروقت شائع نہ کرنے سے ویب سائٹ کی کارکردگی پر منفی اثر پڑتا ہے، اور لامحالہ کام کا بوجھ ان لوگوں پر زیادہ آ جاتا ہے جن کے پاس بجلی اور انٹرنیٹ کی سہولت موجود ہو۔

مئی سے اگست تک کراچی میں شدید گرمی اور بارشوں کے باعث بہت کرب ناک صورتحال کا سامنا رہا، ٹیم کے اکثر ارکان کے گھروں میں بجلی اور انٹرنیٹ کے مسائل رہے، ایسی صورتحال میں مجھے وہ امور بھی انجام دینے پڑے جو میری ذمہ داری کا حصہ نہیں تھے۔

گو کہ بطور ٹیم سربراہ ہمارے دفتری اوقات کار متعین نہیں ہیں لیکن جب دفتر سے کام کرتے تو شام میں چھٹی کے بعد گھر پر موبائل کے ذریعے نیوز ایڈیٹر یا انچارج سے سرسری رابطہ ضرور رہتا مگر گھر سے کام کرتے ہوئے صبح سے رات گئے تک باقاعدہ دفتری امور انجام دینا، کمپیوٹر کے سامنے بیٹھے رہنا معمول بن چکا ہے، جس کی وجہ سے گھریلو زندگی اور خاص طور پر بچوں کے رویوں پر منفی اثرات مرتب ہوئے ہیں۔

گھر سے کام کے دوران چونکہ شروع کے کئی ماہ لاک ڈاؤن بھی رہا تو ہفتہ وار چھٹی کرنے کی ضرورت محسوس نہیں کی اور شروع کے کئی ماہ بنا کسی چھٹی کے کام کیا جس کا منفی اثر مزاج اور طبیعت پر بھی پڑا۔

آپ کی ٹیم نے اس چیلنج کا مقابلہ کیسے کیا؟

گھر سے کام کے آغاز میں تو سب کو ہی مشکلات کا سامنا رہا، کام کی نوعیت کے اعتبار سے ہم ایک نیوز روم میں اکٹھا کام کرتے ہیں جہاں ایک دوسرے سے خیالات کا تبادلہ ہوتا ہے، کسی خبر یا شہ سرخی پر بحث و مباحثہ بھی ہوتا ہے، اور اس کے نتیجے میں ایک اچھی خبر یا رپورٹ تیار ہوتی ہے۔ مگر گھر سے کام کے

دوران یہ سہولت میسر نہیں تھی جس کی وجہ سے کچھ پیچیدگیاں بھی پیدا ہوئیں۔

گو کہ ٹیم سے روزانہ کی بنیاد پر مسلسل رابطے، نیوز ایڈیٹر اور انچارجز سے میٹنگ اور دیگر ارکان سے بھی آن لائن میٹنگ ہوتی رہتی مگر گھر سے کام کے دوران اسٹاف کی انفرادی کارکردگی پر کافی اثر پڑا ہے۔ تخلیقیت کا عنصر بہت کم ہو گیا ہے، نئے آئیڈیاز اور خصوصی نوعیت کی خبروں پر زیادہ توجہ نہیں دے پا رہے۔

میں خوش قسمت ہوں کہ ٹیم میں نہایت پروفیشنل اور تعاون کرنے والے لوگ ہیں، اکثر ارکان نے گھر سے کام کے دوران دفتری اوقات سے کئی کئی گھنٹے زیادہ کام کیا، بجلی یا انٹرنیٹ کی معطلی پر اپنے اوقات کار کی تلافی بھی کی۔

گھر سے کام کرتے ہوئے کوئی ایسا تجربہ جو بہت یادگار رہا ہو (خوشگوار یا ناخوشگوار)

گھر سے کام اب بھی جاری ہے اور مزید تجربہ حاصل کرنے کی گنجائش موجود ہے، اب تک کئی ناخوشگوار اور خوشگوار واقعات ہوئے ہیں۔ میں یہاں فی میل اسٹاف سے متعلق ایک تجربہ شیئر کرنا چاہتا ہوں۔

خواتین کے لیے گھر سے کام کرنا کسی بڑے چیلنج سے کم نہیں تھا، ایک خاتون رکن کی جانب سے رات گئے خبر پبلش کی گئی جس پر میں نے ان سے رابطہ کیا کہ آپ اب تک کام کر رہی ہیں، حالانکہ ان کا دفتری وقت شام میں ہی ختم ہو چکا تھا۔ انہوں نے مجھ سے معذرت خواہانہ لہجے میں کہا کہ اگر آپ اجازت دے دیں تو میں صبح 9 بجے سے رات 9 یا 10 بجے کے درمیان اپنے دفتری اوقات کو تقسیم کر لوں۔ وجہ پوچھنے پر انہوں نے بتایا کہ گھر میں موجود ہونے کی وجہ سے انہیں ناشتہ، دوپہر اور رات کا کھانا بھی بنانا پڑ رہا ہے، اس دوران دیگر کام بھی آ جاتے ہیں جس کی وجہ سے وہ چاہتی ہیں کہ ان کی شفٹ 12 گھنٹے کر دی جائے اور وہ اس دوران ایک ڈیڑھ گھنٹے کے لیے گھر کے کام نمٹا کر آن لائن ہو جایا کریں گی۔

خواتین کے لیے گھر سے دفتری امور انجام دینا واقعی بہت کٹھن ہے اور خاص طور پر ایسی خواتین ارکان جو مشترکہ خاندانی نظام کا حصہ ہوں، وقت بے وقت شوہر، بچوں یا گھر کے دیگر لوگوں کی جانب سے اچانک چائے بنانے یا کسی کھانے کی فرمائش آ جائے اور ساتھ ہی کوئی بریکنگ نیوز ہو تو اس صورتحال پر قابو پانا صرف ایک خاتون کے ہی دل گردے کی بات ہے۔

ورک فرام ہوم کے نتیجے میں خاندانی زندگی بھی متاثر ہوئی

ہارون رشید

ایڈیٹر، انٹرنیشنل اردو

بطور ایڈیٹر یہ سال آپ کے لیے کیسا گزرا؟

گزشتہ 365 دن غیر معمولی اور مشکل ترین ایام میں سے تھے۔ سب سے بڑا چیلنج یہ تھا کہ محفوظ رہتے ہوئے گھروں سے کام کے دوران کارکردگی اور نتائج کو متاثر نہ ہونے دیا جائے۔ ایک قدرے نئی نیوز ویب سائٹ کے لیے جو اور جنرل مواد یا کنٹنٹ کے حصول پر زور دیتی ہے، اس کے لیے تو دفتروں اور بازاروں کے لاک ڈاون کی وجہ سے بندش ایک بڑا دھچکا تھا۔

تاہم اطمینان کی بات ہے کہ شدید مشکلات کے باوجود انڈیپینڈنٹ اردو کی تمام ٹیم نے نیوز گیدرنگ متاثر نہیں ہونے دی اور ملازمین کے تحفظ کو مقدم رکھتے ہوئے یہ ایک بڑی کامیابی تھی۔

دوسرا بڑا چیلنج کورونا وائرس سے متعلق غلط معلومات کا مقابلہ کرنا تھا۔ طب ایک اسپیشلائزڈ شعبہ ہے اور صرف ماہر افراد ہی اس تکنیکی مسئلے پر بات کر سکتے یا رائے دے سکتے تھے اور پاکستان میں رہتے ہوئے ایسے ماہرین کو ڈھونڈنا ایک مشکل کام تھا۔

ایک عمومی تاثر یہ ہے کہ ورک فرام ہوم آسان کام ہے۔ اس حوالے سے آپ کا تجربہ کیسا رہا؟

کئی صورتوں میں یہ بات درست ہے لیکن رابطے مشکل ہو جانے سے وقتیں ضرور پیش آئیں۔ یہ تو بھلا ہو زوم کا ورنہ ورک فرام ہوم ایک بھیانک خواب بن جاتا۔ صحافت میں جہاں ایک کاپی کو کئی نظروں سے گزرنا ہوتا ہے تاکہ غلطیاں ڈور ہو سکیں اس سلسلے میں دقت رہی۔ ویڈیو مواد اکٹھا کرنے میں مشکلات رہیں کیونکہ رپورٹر باہر جا نہیں سکتے تھے۔ ایسے میں گھر پر قید ٹیم ممبران کے حوصلے بلند رکھنا بھی ایک چیلنج تھا۔ لیکن جلد ہی اکثر مسائل پر قابو پا لیا لیکن چند اب بھی موجود ہیں جنہیں روزانہ کی بنیاد پر ڈیل کیا جاتا ہے۔

ورک فرام ہوم کے دوران سب سے بڑا چیلنج کیا رہا؟

گھر سے کام کرنے میں سب سے بڑی مشکل مسلسل ٹیم سے رابطے میں کمی رہی۔ انفرادی طور پر اپنے آپ کو تیار اور مونیٹیریٹ رکھنا بھی ایک بڑا چیلنج رہا۔ اس کے علاوہ ٹیکسٹ فائلیں تو با آسانی بھیجی اور موصول کی جا سکتی ہیں لیکن بڑی بڑی ویڈیو فائلز کا شیئر کرنا مشکل تھا۔

بغیر تیاری کے کپڑے پہن کر میٹنگوں میں آنا مذاق بن گیا ہے، لیکن یہ صورت درپیش رہی ہے۔ اس کا ایک ثبوت یہ تھا کہ کوئی بھی زوم میٹنگ میں ویڈیو آن رکھنے کو تیار نہیں تھا۔

آپ کی ٹیم نے اس چیلنج کا مقابلہ کیسے کیا؟

گھر سے کام کرنے کے لیے جو انفرااسٹرکچر چاہیے تھا، ادارے نے حتی الواسع کوشش کی کہ وہ مہیا کیا جائے۔ ٹیم کے ساتھی آگے بڑھ کر تجویزوں سے نمٹے، جس کے لیے وہ شاباش کے مستحق ہیں۔

گھر سے کام کرتے ہوئے کوئی ایسا تجربہ جو بہت یادگار رہا ہو (خوشگوار یا ناخوشگوار)

گھر سے کام کرنے کے لیے اچانک صورت بنی تو ڈائننگ ٹیبل آفس ٹیبل تو بن گئی لیکن ڈائننگ کی کرسی گھنٹوں طویل شفٹس کے لیے دفتر کی کرسی نہ بن سکی۔ اس کے مسلسل استعمال سے کمر کا درد یقینی تھا، لہٰذا بازار سے نئی کرسی خریدنی پڑی۔ لیکن دوسرے ہی دن پاکستان میں بنی کرسی کے دو پاؤں نکل گئے پھر باقی تمام عرصہ اس پر جھولے لیتے ہوئے کام کیا۔ اسے میں نے کورونا کے جھولے کا نام دیا تھا۔

ورک فرام ہوم شروع ہوا تو کھانے کی میز دفتر کی میز بن گئی

اسرار احمد

نیوز ایڈیٹر، اردو نیوز

بطور ایڈیٹر یہ سال آپ کے لیے کیسا گزرا؟

کورونا وائرس اور اس کے بعد لگنے والے لاک ڈاؤن نے صحافیوں کی مشکلات میں بھی اضافہ کر دیا تھا۔ کورونا وائرس کی وجہ سے مارچ میں ہی ملک میں لاک ڈاؤن لگ گیا اور آمد و رفت معطل ہو گئی تھی۔ اس کے علاوہ ادارے کی جانب سے بھی یہ ہدایت کی گئی تھی کہ صحافی کسی بھی صورت میں اپنی صحت کو خطرے میں نہ ڈالیں۔ ایسی صورتحال میں کیمرہ مین اور رپورٹرز کا کام مشکل تر ہو گیا کیونکہ ان کے لیے خبر کے موقع پر پہنچنا ضروری ہوتا ہے۔

ایک عمومی تاثر یہ ہے کہ ورک فرام ہوم آسان کام ہے۔ اس حوالے سے آپ کا تجربہ کیسا رہا؟

ورک فرام ہوم کو آسان سمجھا جاتا ہے لیکن سچی بات یہ ہے کہ یہ ہمارے لیے قدرے مشکل تھا۔ جب آپ ایک نیوز روم میں بیٹھ کر کام کرتے ہیں تو آپ ایک ہی وقت میں رپورٹرز سے بھی رابطے میں رہتے ہیں اور دیگر سروسز کو مانیٹر بھی کر رہے ہوتے ہیں لیکن گھر سے کام کرنے میں یہ ممکن نہیں ہوتا۔ صحافیوں کو ابتدا میں کافی مشکلات کا سامنا کرنا پڑا لیکن انہوں نے خود کو نئی صورتحال کے حساب سے ڈھال لیا، لیکن یہ کام آسان نہیں تھا۔

ورک فرام ہوم کے دوران سب سے بڑا چیلنج کیا رہا؟

ورک فرام ہوم یا دفتر سے ڈور بیٹھ کر کام کرنا انٹرنیٹ کے بغیر ممکن نہیں ہے، اور پاکستان میں انٹرنیٹ کی سہولیات خاطر خواہ نہ ہونے کی وجہ سے صحافیوں کو ورک فرام ہوم میں شدید دشواری ہوئی۔

معاملہ یہ ہے کہ گھر میں آپ کے پاس جو انٹرنیٹ ہوتا ہے وہ صرف ذاتی استعمال کے لیے ہوتا ہے اور اس ضمن میں آپ کو کوئی تکنیکی مدد بھی حاصل نہیں ہوتی، ایسی صورتحال میں انٹرنیٹ کنیکشن میں خرابی یا سست رفتاری کام میں رکاوٹ اور پریشانی کا سبب بنتی ہے۔

اس کے علاوہ رفقائے کار کے ساتھ کسی موضوع پر تبادلہ خیال کرنا بھی مشکل ثابت ہوا کیونکہ تمام لوگ اپنے اپنے گھروں پر موجود تھے۔ ابتدا میں ڈور بیٹھ کر تبادلہ خیال کرنا یا کسی کو کچھ سمجھانا بہت مشکل تھا لیکن آہستہ آہستہ لوگوں نے خود کو نئی صورتحال میں ڈھال لیا۔

آپ کی ٹیم نے اس چیلنج کا مقابلہ کیسے کیا؟

پرنٹ اور الیکٹرانک میڈیا کی نسبت آن لائن صحافت سے منسلک افراد نسبتاً آسانی سے ورک فرام ہوم پر منتقل ہو گئے۔ ابتدا میں ہمیں بھی مشکلات کا سامنا کرنا پڑا لیکن چونکہ ہمارا کام پہلے ہی انٹرنیٹ سے متعلق تھا اسی لیے کچھ لوگوں کو تو وقت لگا لیکن اکثر نے ورک فرام ہوم کے تجربے میں خود کو زیادہ جلدی ڈھال لیا۔

گھر سے کام کرتے ہوئے کوئی ایسا تجربہ جو بہت یادگار رہا ہو (خوشگوار یا ناخوشگوار)

صحافت ایک ایسا پیشہ سمجھا جاتا ہے جس میں چھٹی ملنا بہت مشکل ہوتا اور لمبی چھٹی کا تو سوال ہی پیدا نہیں ہوتا۔ لیکن لاک ڈاؤن صحافیوں کے لیے مشکلات کے ساتھ ساتھ مواقع بھی لے کر آیا۔

میرا تعلق پاکستان کے ایک دور دراز علاقے سے ہے، لیکن کام کے لیے میں نے طویل عرصہ کراچی میں گزارا اور صحافت میں گزارے گئے اپنے 20 سالوں کے دوران میں کبھی بھی طویل چھٹی پر اپنے آبائی علاقے نہیں گیا، لیکن لاک ڈاؤن اور ورک فرام ہوم کی وجہ سے میرے لیے اچھا یہ ہوا کہ تقریباً 3 ماہ مجھے اپنے آبائی علاقے میں گزارنے کا موقع ملا، جو یقیناً میرے لیے خوشگوار یادوں میں سے ایک ہے۔

ورک فرام ہوم میں دفتر والی سہولیات میسر نہیں ہوتیں جس سے کام مشکل ہو جاتا ہے

منظر الٰہی

ایڈیٹر، جیو نیوز اردو

بطور ایڈیٹر یہ سال آپ کے لیے کیسا گزرا؟

مجموعی طور پر 2020ء ایک مشکل سال تھا کیونکہ کورونا کی عالمی وبا نے زندگی کے ہر حصے یعنی گھر، دفتر، سماجی رابطوں سمیت ہر چیز کو متاثر کیا۔ اس عالمی وبا کو سمجھنا اور اس کے مطابق اپنے کام اور زندگی کو ڈھالنا اور خود کو اور ٹیم کو وائرس سے بچانا ایک بہت بڑا چیلنج تھا۔ کام کی نوعیت تبدیل ہو گئی، ہمیں اپنی ٹیم کو 'ورک فرام ہوم' پر بھیجنا پڑا جو اکثریت کے لیے ایک بالکل نیا تجربہ تھا۔

ایک عمومی تاثر یہ ہے کہ ورک فرام ہوم آسان کام ہے۔ اس حوالے سے آپ کا تجربہ کیسا رہا؟

گھر سے کام کرنا جس قدر آسان سمجھا جاتا ہے اس قدر ہے نہیں، کیونکہ بہت سے کام دفتر کے ماحول کا تقاضا کرتے ہیں، اور وہ گھر میں صرف اسی صورت ہو سکتے ہیں جب آپ گھر کا ایک کمرہ یا حصہ دفتر کے لیے مختص کر دیں اور وہاں آپ کو تنگ کرنے والا کوئی نہ ہو۔

اس کے ساتھ آپ کو آن لائن کام کے لیے اچھا انٹرنیٹ اور بجلی کی مسلسل فراہمی چاہیے ہوتی ہے۔ لاک ڈاؤن کی ابتدا میں تو بجلی کی صورتحال بہتر رہی جس کی وجہ سے معاملات کافی آسان رہے لیکن انٹرنیٹ کے مسائل خاصے رہے۔

لیکن مجموعی طور پر گھر سے کام کا تجربہ اچھا رہا کیونکہ وہ توانائی جو آپ صبح اٹھنے کے بعد تیاری اور پھر دفتر پہنچنے پر صرف کرتے ہیں، اسے بچا کر آپ کام کو نکھارنے پر صرف کرتے ہیں، یہی وجہ ہے کہ ہماری

ٹیم کی مجموعی کارکردگی اس دوران بہت اچھی رہی۔

ورک فرام ہوم کے دوران سب سے بڑا چیلنج کیا رہا؟

گھر سے کام کرنے سے متعلق سب سے بڑا مسئلہ اوپر بھی بتایا کہ انٹرنیٹ اور بجلی کا رہا، لیکن اس کے ساتھ ساتھ ورک فرام ہوم میں ٹیم کے ساتھ مسلسل رابطہ اس نوعیت کا نہیں ہوسکتا جیسا آپ دفتر میں رکھ سکتے ہیں۔

کسی بھی ٹیم میں شامل جونیئر ممبران کو تربیت کی ضرورت ہوتی ہے جو گھر سے کام کے دوران اس طرح سے نہیں دی جاسکتی جیسے آپ دفتر میں بیٹھ پر سکھا سکتے ہیں۔ اسی طرح گھر کے افراد کو اس بات پر قائل کرنا کافی مشکل ہوتا ہے کہ گھر میں موجود ہونے کا مطلب یہ نہیں کہ 'چھٹی' ہے، بلکہ آپ کو روزانہ تسلسل کے ساتھ کام کو اتنا ہی وقت دینا ہے جتنا آپ دفتر میں دیتے ہیں۔

آپ کی ٹیم نے اس چیلنج کا مقابلہ کیسے کیا؟

یہ صورتحال ٹیم ممبران کے لیے مشکل تھی۔ ویسے تو ہمارے ادارے نے تقریباً تمام ہی لوگوں کو دفتر سے کمپیوٹر فراہم کیے لیکن کچھ لوگوں نے اپنے لیپ ٹاپ پر ہی کام کو ترجیح دی جب کہ بعض افراد کو فوری طور پر انٹرنیٹ کا بندوبست بھی کرنا پڑا۔ لیکن ٹیم نے مجموعی طور پر اس نئی صورتحال کے لیے خود کو بہت تیزی سے تیار کیا اور انٹرنیٹ اور بجلی جیسے مسائل کے باوجود اچھے نتائج دیے۔

گھر سے کام کرتے ہوئے کوئی ایسا تجربہ جو بہت یادگار رہا ہو (خوشگوار یا ناخوشگوار)

خوشگوار یا ناخوشگوار تو نہیں کہہ سکتے لیکن اس دوران کراچی میں مون سون کی شدید بارش نے رابطے بالکل توڑ دیے تھے۔ موبائل سروسز اور انٹرنیٹ شدید متاثر ہوئے، کچھ علاقوں میں تو بجلی کئی دن بند رہی، جس کی وجہ سے آپریشن معطل تو نہیں ہوا مگر اس میں شدید مشکلات درپیش آئیں۔

گھر والوں کو اس بات پر قائل کرنا بھی مشکل ہے کہ گھر پر رہنے کا مطلب چھٹی نہیں ہے

موسیٰ کلیم

نیوز ایڈیٹر، سماء ٹی وی چینل، اردو

بطور ایڈیٹر یہ سال آپ کے لیے کیسا گزرا؟

جس طرح ہر شعبے پر کورونا کی وبا کے اثرات مرتب ہوئے، بالکل ویسے ہی میڈیا پر بھی اس کا کچھ نہ کچھ اثر تو ضرور پڑا۔ ایک نئی صورتحال کا سامنا تھا، اس وجہ سے بطور ایڈیٹر کام کی نگرانی کے دوران خصوصاً ابتدا میں مشکلات کا سامنا بھی رہا، لیکن بہرحال رفتہ رفتہ معاملات بہت حد تک قابو میں آ ہی گئے۔

ایک عمومی تاثر یہ ہے کہ ورک فرام ہوم آسان کام ہے۔ اس حوالے سے آپ کا تجربہ کیسا رہا؟

گھر سے بیٹھ کر کام چلا لینا تو آسان ہوتا ہوگا، لیکن کام کرنا اتنا آسان نہیں اور میں یہ بات انچارجز سمیت تمام میڈیا کارکنان کے لحاظ سے کہہ رہا ہوں۔ ممکن ہے دوسرے حضرات اس سے اختلاف کریں لیکن میرا خیال ہے کہ گھر سے کام آسان نہ ہونے کی ایک بڑی وجہ یہ بھی ہے کہ گھر پر کام کا صحیح معنوں میں ماحول نہیں بن پاتا یا یوں کہیے کہ ہم صحافی اس طریقہ کار کے کبھی عادی نہیں رہے۔

کسی بھی ٹیم میں شامل جونیئر ممبران کو تربیت کی ضرورت ہوتی ہے جو گھر سے کام کے دوران اس طرح سے نہیں دی جاسکتی جیسے آپ دفتر میں بیٹھ پر سکھا سکتے ہیں۔ اسی طرح گھر کے افراد کو اس بات پر قائل کرنا کافی مشکل ہوتا ہے کہ گھر میں موجود ہونے کا مطلب یہ نہیں کہ 'چھٹی' ہے، بلکہ آپ کو روزانہ تسلسل کے ساتھ کام کو اتنا ہی وقت دینا ہے جتنا آپ دفتر میں دیتے ہیں۔

ورک فرام ہوم کے دوران سب سے بڑا چیلنج کیا رہا؟

ہمارے ادارے میں گھر سے کام کا سلسلہ مارچ تا اگست یعنی کل 5 ماہ رہا، لیکن میں نے وہ سہولت خود ہی حاصل نہیں کی اور بدستور دفتر حاضر ہو کر کام کرتا رہا۔ اس کی سب سے بڑی وجہ یہ تھی کہ وہ میرے لیے بالکل ایک نئی بات تھی اور اس سے مفر کی گنجائش ہونے کے باعث میں نے ذہنی طور پر اسے قبول کرنے کی کوئی کوشش بھی نہیں کی۔

لیکن ایسا نہیں کہ مجھے گھر سے کام کرنے کا کوئی اندازہ ہی نہ ہو، کیونکہ ہفتہ وار چھٹی والے دن بھی کام پر نظر رکھنی پڑتی ہے بلکہ کبھی کبھار اشد ضرورت پڑنے پر تھوڑا بہت کام خود بھی کرنا پڑ جاتا ہے۔ چونکہ ہمارا کام خاصی توجہ کا متقاضی ہوتا ہے اس لیے کم از کم میرے لیے تو گھر میں اپنی توجہ کام پر احسن طور پر مرکوز کیے رکھنا جوئے شیر لانے کے ہی برابر ہوتا ہے۔ کم ہی ایسا ہوتا ہے کہ گھر والے اور خصوصاً شریکِ حیات کم گو ہوں، اس لیے چھٹی والے دن گھر سے کام کرنے کے دوران بھی بیگم کی گفتگو کا سلسلہ جاری ہی رہتا ہے اور ان کی خاصی کم اہمیت کی حامل بات کا بھی تفصیلی جواب نہ دینا کوئی آسان کام نہیں ہوتا۔

علاوہ ازیں جب ہم گھر پر ہوتے ہیں تو باورچی خانے کی بہتی ٹونٹی سمیت ہر چھوٹے بڑے تکنیکی فالٹ کو دور کروانا نیز بازار سے سودا سلف لانا خواہ اس وقت اس کی کوئی اشد ضرورت ہو یا نہ ہو وہ بھی ہماری ذمہ داری بن جایا کرتی ہے۔ ٹیم کے دیگر ارکان بھی جو 5 ماہ گھر پر رہ کر کام کرتے رہے، کم و بیش اسی قسم کی مشکلات سے دوچار رہے ہوں گے۔

آپ کی ٹیم نے اس چیلنج کا مقابلہ کیسے کیا؟

ادارے کی جانب سے جب یہ اعلان ہوا کہ اب گھر سے کام ہوگا تو میں نے اپنی ٹیم میں ایک ملاجلا رجحان دیکھا۔ ان میں سے چند ایک تو کام میں حائل ہونے والی دشواریوں کے باوجود اس صورتحال میں شاداں و فرحاں دکھائی دیے جس کی مختلف وجوہات ہوسکتی ہیں۔ ایک تو یہ کہ کورونا کے باعث وہ خود بھی چاہتے تھے کہ دفتر نہ آئیں۔ ایک آدھ نے تو ورک فرام ہوم کے اعلان سے تھوڑا پہلے ہی طویل چھٹی پر جانے کی بات کرلی تھی کیونکہ وہ نہیں چاہتے تھے کہ باہر سے وائرس گھر لے جائیں۔

اصل میں اس وقت یہ اندازہ نہیں تھا کہ وبا کا دورانیہ توقع سے زیادہ طول پکڑ لے گا اور 15 دن یا مہینہ بھر بھی چھٹی کر کے گھر بیٹھنا ان کے مقصد کے حصول کے لیے ناکافی ہی رہے گا، لیکن ادارے کے اعلان نے ان کی وہ مشکل خود بخود آسان کردی۔

ٹیم میں کچھ ایسے لوگ بھی تھے جو گھر سے کام کرنے کے اعلان پر تھوڑے متفکر ہوئے اور گھر میں اپنے لیے علیحدہ کمپیوٹر یا لیپ ٹاپ کے انتظام میں لگ گئے۔ چند ایک ایسے بھی تھے جنہیں اپنا لیپ ٹاپ فوری طور پر ٹھیک بھی کروانا پڑ گیا۔ کچھ حضرات کے ساتھ وائی فائی کے مسائل تھے لہٰذا انہوں نے بھی فوری طور پر اس کا انتظام کیا۔

گھر سے کام کرتے ہوئے کوئی ایسا تجربہ جو بہت یادگار رہا ہو (خوشگوار یا ناخوشگوار)

گھر سے کام شروع ہونے کے بعد ٹیم اراکین کو اکثر مختلف مسائل درپیش رہتے تھے جس کے باعث کام پر بھی اثر پڑتا تھا۔ کراچی میں بجلی کی فراہمی معطل ہونا کوئی عجیب بات نہیں، یہ مسئلہ کسی بھی علاقے میں کبھی بھی پیش آسکتا ہے اور اکثر علاقوں میں تو یہ معمول کا حصہ ہی ہے۔

ہماری ٹیم کے اراکین میں سے اکثر کے ساتھ ایسا ہوتا تھا کہ ان کی شفٹ کے ٹائم میں بجلی دو ڈھائی گھنٹوں یا کبھی اس سے بھی طویل مدت کے لیے غائب ہوجایا کرتی اور وہ ڈیسک کے واٹس ایپ گروپ پر میسج کے ذریعے اعلان کردیا کرتے کہ لائٹ چلی گئی ہے مطلب یہ کہ اب اس کی واپسی تک کام آگے نہیں بڑھ پائے گا۔

اسی طرح اکثر انٹرنیٹ کی فراہمی کا مسئلہ بھی درپیش رہتا جس کے باعث ان کے لیے خبریں پوسٹ کرنا ممکن نہیں رہتا تھا۔ کبھی ایسا بھی ہوتا کہ کسی صاحب کو اچانک کوئی ضروری کام درپیش ہوجاتا جس کی وجہ سے وہ کبھی معینہ اور کبھی غیر معینہ مدت کے لیے گھر سے باہر نکل جایا کرتے اور چند ایک مرتبہ تو ایسا بھی ہوا کہ ان کے گھر واپس پہنچتے ہی بجلی کہیں چلی گئی۔

الغرض جس طرح دفتر میں بیٹھ کر کام نسبتاً سہولت کے ساتھ اور بلاتعطل کیا جاسکتا ہے گھر سے اس طرح ممکن نہیں ہو پاتا، جس سے لامحالہ کارکردگی پر فرق پڑتا ہے۔ لیکن بہرحال وبا سے بچاؤ کی خاطر گھر سے کام کرنا وقت کی اہم ضرورت بھی ہے، اس لیے تمام تر نامساعد حالات کے باوجود پوری کوشش ہونی چاہیے کہ کارکردگی کا معیار برقرار رکھا جائے۔

بشکریہ ڈان بلاگ



دنیا بھر میں ہر سال 21 فروری کو زبانوں کی پہچان اور اہمیت سے آگاہی کے لئے مادری زبانوں کا عالمی دن منایا جاتا ہے۔

عابد ضمیر ہاشمی

اقوام متحدہ کے ادارے یونیسکو کی انسانی ثقافتی میراث کے تحفظ کی جنرل کانفرنس کے دوران 17 نومبر 1999ء میں عام اسمبلی میں مادری زبان کی اہمیت کے تحت یہ فیصلہ کیا گیا کہ ماں بولی کیلئے کیوں نہ ایک دن مخصوص کر دیا جائے۔ بحث و مباحثے کے بعد 21 فروری کا دن منتخب ہوا جسے یونیسکو کی انسانی ثقافتی میراث کے تحفظ کی جنرل کانفرنس کے اعلامیہ میں جاری کیا گیا۔ اس کے بعد 21 فروری 2000ء سے بین الاقوامی یوم مادری زبان منانے کا سلسلہ جاری ہے جسے دنیا بھر کے اہل زبان اپنی اپنی ماں بولی کے مطابق مناتے آرہے ہیں۔

مادری زبان کسی بھی انسان کی شخصیت کی تعمیر، تعلیم اور ہمہ جہت ترقی میں بنیادی کردار ادا کرتی ہے۔ مادری زبان ایک امانت ہے جو نسل در نسل منتقل ہوتی رہتی ہے۔ زبان فکر و خیال یا جذبے کے اظہار و ابلاغ کا ذریعہ ہے۔ اس کا کام یہ ہے کہ لفظوں اور فقروں کے توسط سے انسانوں کے ذہنی مفہوم و دلائل اور ان کے عام خیالات کی ترجمانی کرے۔

اولیور ویندیل ہومز کے مطابق: 'مادری زبان بدن میں لہو جیسی اہمیت رکھتی ہے جس میں سوچیں جنم لیتی اور پنپتی ہیں'، یہ ایسا سماجی عطیہ ہے جو زمانے کے ساتھ ساتھ ایک نسل سے دوسری نسل کو منتقل ہوتا ہے۔ زبان انسان کی تمام پہلی' موجودہ نسلوں کا ایک قیمتی سرمایہ اور اہم میراث ہے۔ زبان ایک ایسے لباس ہے جسے اتار کر پھینکا نہیں جاسکتا۔ زبان تو انسان کے دل کی گہرائیوں میں اتری ہوئی ہوتی ہے۔ یہ خیالات کی حامل اور آئینہ دار ہی نہیں ہوتی بلکہ زبان کے بغیر خیالات کا وجود ممکن نہیں۔ کہتے ہیں کہ کوئی ایسا خیال کہ جس کے لیے کوئی لفظ نہ ہو دماغ میں نہیں آسکتا۔ شاید اسی لیے یونانی زبان کا ترجمہ کرتے ہوئے انسان کو حیوانِ ناطق کہا گیا۔ حیوانِ ناطق سے مراد صرف یہ نہیں ہے کہ انسان بول سکتا ہے' بولتے تو سب جانور ہیں۔ اس سے مراد ہے کہ انسان سوچ سمجھ کر بول سکتا ہے۔ لارڈ بینی سن نے کہا تھا کہ: 'الفاظ فطرت کی طرح ہیں جو آدھے پوشیدہ اور آدھے ظاہر ہوتے ہیں۔'

زبان انسانی زندگی کا اہم جز ہے۔ مقامی یا مادری زبانوں کو انسان کی دوسری جلد بھی کہا جاتا ہے۔ مادری زبانوں کے ہر ہر لفظ اور جملے میں قومی روایات' تہذیب و تمدن' ذہنی و روحانی تجربے پیوست ہوتے ہیں' اسی لیے انہیں ہمارے مادی اور ثقافتی ورثے کی بقا اور اس کے فروغ کا سب سے موثر آلہ سمجھا جاتا ہے۔

مشہور برطانوی کہاوت ہے کہ ''برٹن زبان کے بغیر برٹن بھی کچھ نہیں۔'' یعنی زبان کے بغیر فرد کا وجود بھی باقی نہیں رہتا۔ بلاشبہ مادری زبان کسی بھی انسان کی ذات اور شناخت کا اہم ترین جزو ہے' اسی لیے اسے بنیادی انسانی حقوق میں شمار کیا جاتا ہے۔ اقتصادی' سماجی اور ثقافتی حقوق پر بین الاقوامی معاہدے کے مشمولات کے علاوہ اقوام متحدہ کے ادارہ برائے تعلیم' سائنس اور ثقافت کی قراردادوں کی صورت میں اس حق کی ضمانت دی گئی ہے۔ قومیتی شناخت اور بیش قیمت تہذیبی و ثقافتی میراث کے طور پر مادری زبانوں کی حیثیت مسلّمہ ہے۔

پاکستان' ہندوستان' امریکہ' افریقہ' چین' روس' فرانس' جرمنی' ایران' اٹلی و دیگر ممالک کی اقوام کی اپنی علیحدہ زبانیں ہیں جو کہ اقوام کے افراد کی نشاندہی کرتی ہیں۔ اسی طرح ہر ملک کی ایک قومی زبان ہوتی ہے جس سے ہر ملک کے افراد کی نشاندہی ہوتی ہے۔ پاکستان میں سب سے زیادہ بولی جانے والی زبان پنجابی ہے جسے 48 فیصد افراد بولتے ہیں جبکہ 12 فیصد سندھی' 10 فیصد سرائیکی' انگریزی' اردو' پشتو 8 فیصد' بلوچی 3 فیصد' ہندکو 2 فیصد اور ایک فیصد براہوی زبان کا استعمال کرتے ہیں۔

آکسفورڈ یونیورسٹی کی ایک تحقیق کے مطابق دنیا بھر میں تقریباً 6912 زبانیں بولی جاتی ہیں جن میں سے 516 ناپید ہوچکی ہیں۔ دنیا میں سب سے زیادہ زبانیں پاپوانیوگنی میں بولی جاتی ہیں جہاں کل زبانوں کا 12 فیصد یعنی 860 زبانیں بولی جاتی ہیں جبکہ 742 زبانوں کے ساتھ انڈونیشیاء دوسرے' 516 کے ساتھ نائجیریا تیسرے، 425 کے ساتھ بھارت چوتھے اور 311 کے ساتھ امریکا پانچویں نمبر پر ہے۔ آسٹریلیا میں 275 اور چین میں 241 زبانیں بولی جاتی ہیں۔

مختلف اعداد و شمار کے مطابق دنیا میں سب سے زیادہ بولی جانے والی مادری زبان چینی ہے جسے 87 کروڑ 30 لاکھ افراد بولتے ہیں جبکہ 37 کروڑ ہندی' 35 کروڑ ہسپانوی' 34 کروڑ انگریزی اور 20 کروڑ افراد عربی بولتے ہیں۔ پنجابی 11 اور اردو بولی جانے والی زبانوں میں 19 ویں نمبر پر ہے۔ مادری زبانوں کے فروغ اور تحفظ کی تمام کوششیں نہ صرف لسانی رنگا رنگی اور کثیر اللسانی تعلیم کی حوصلہ افزائی کرتی ہیں' بلکہ یہ دنیا بھر میں پائی جانے والی لسانی اور ثقافتی روایات کے بارے میں بہتر آگہی بھی پیدا کرتی ہیں اور عالمی برادری میں افہام و تفہیم' رواداری اور مکالمے کی روایات کی بنیاد بنتی ہے۔

کرہ ارض پر انسان 5700 سے زیادہ زبانیں بولتے ہیں مگر ان مادری اور مقامی زبانوں کو چند زبانوں کے وائرس سے شدید خطرات لاحق ہیں۔ خاص طور پر انگریزی دنیا کی ہزاروں مقامی زبانوں کو نگل گئی ہے اور ابھی بھی اس کی زبان خوری ختم نہیں ہوئی۔ چند اقوام اور طبقات کی لسانی دہشت گردی سے زبانیں محبت و اخوت کے بجائے نفرت و تقسیم کا موجب بننے لگی ہیں۔ اس سے عالمگیریت کو بھی خطرات لاحق ہیں۔ 29 فروری 1956ء کو بنگالی کو سرکاری سطح پر پاکستان کی بنیادی ریاستی زبانوں میں سے ایک کا درجہ دے دیا گیا۔ یہی لسانی تحریک بعد ازاں سقوط ڈھاکا کا ایک اہم سبب ثابت ہوئی۔ اسی دن کی یاد میں یونیسکو کے ممبر کی حیثیت سے بنگلہ دیش نے مادری زبانوں کے عالمی دن کی تجویز منظور کروائی۔ مادری زبانیں بطور ذریعہ اظہار و ابلاغ فرد کی شخصیت کی تشکیل و تکمیل میں موثر کردار ادا کرتی ہیں۔ چیک ری پبلک کے صدر جین کوان نے جنرل اسمبلی سے مادری زبانوں کے حوالے سے خطاب میں کہا تھا کہ: 'مادری زبان ہمارے مادی اور غیر مادی ورثے کے تحفظ اور ترقی کا بہترین وسیلہ ہے۔'

آج کے جدید دور میں مادری زبان میں تعلیم بنیادی انسانی حق ہے۔ دنیا بھر میں ابتدائی تعلیم مادری زبان میں دیئے جانے کا انتظام ہوتا ہے کیونکہ بچے کے ذہن میں راسخ الفاظ اس کے اور نظام تعلیم کے درمیان ایک آسان فہم اور زود اثر تفہیم کا تعلق پیدا کر دیتے ہیں۔ مادری زبان میں تعلیم سے بچے بہت جلدی نئی باتوں کو سمجھ جاتے ہیں، انہیں ہضم کر لیتے ہیں اور پوچھنے پر بہت روانی سے انہیں دھرا کر سنا

دیتے ہیں۔ مادری زبان میں دی جانے والی تعلیم بچوں کی تعلیمی صحت پر خوشگوار اثرات مرتب کرتی ہے جس کے نتیجے میں وہ خوشی خوشی تعلیمی ادارے میں بھاگتے ہوئے آتے ہیں اور چھٹی کے بعد اگلے دن کا بے چینی سے انتظار کرتے ہیں۔

معلم کے لیے بھی مادری زبان میں بچوں کو تعلیم دینا بہت آسان ہوتا ہے اور اس کے لیے اسے اضافی محنت نہیں کرنا پڑتی اور مہینوں کا کام دنوں یا ہفتوں میں مکمل ہو جاتا ہے۔ مادری زبان کی تعلیم سے خود زبان کی ترویج و اشاعت میں مدد ملتی ہے' زبان کی آبیاری ہوتی ہے' نیا خون داخل ہوتا ہے اور پرانا خون جلتا رہتا ہے جس سے صحت مند اثرات اس زبان پر مرتب ہوتے ہیں۔ انسانی معاشرہ ہمیشہ سے ارتقاء پذیر رہا ہے چنانچہ مادری زبان اگر ذریعہ تعلیم ہو تو انسانی ارتقاء کے ساتھ ساتھ اس علاقے کی مادری زبان بھی ارتقاء پذیر رہتی ہے' نئے نئے محاورے اور روزمرے متعارف ہوتے ہیں' نیا ادب تخلیق ہوتا ہے اور استعمال میں آنے والی چیزوں کے نئے نئے نام اس زبان کا حصہ بنتے رہتے ہیں۔ کسی قوم کو مٹانا ہو تو اس کی زبان مٹا دو تو قوم کی روایات' اس کی تہذیب' اس کی تاریخ اور اس کی قومیت غرض سب کچھ مٹ جائے گا۔ بلاشبہ پھولوں کی رنگارنگی گلدستے کا حسن اور طاقت ہوتی ہے' قباحت اور کمزوری نہیں۔

جس قوم کو اپنی کوئی چیز اچھی نہ لگے اور دوسروں کی ہر ادا پر فریفتہ ہو' وہ کیا زندہ رہ سکتی ہے۔ قوم بے جان افراد کے مجموعے کا نام نہیں ہوتا' بلکہ قوم معتقدات' تاریخ' ثقافت اور انفرادیت پر اصرار سے ہی وجود میں آتی ہے اور استحکام حاصل کرتی ہے۔ مذکورہ قومی عناصر کے اظہار کا اہم ذریعہ زبان ہی تو ہوتی ہے۔ جب لوگوں سے اُن کی زبان چھین لی جائے تو ان سے سب کچھ چھین لینے کے مترادف ہی ہوتا ہے۔ ہمیں بھی قومی یکجہتی کے گلدستے کی تشکیل کے لیے زبانوں کی رنگارنگی کو اہمیت اور فروغ دینا ہوگا۔ کیونکہ کسی قوم کو مٹانا ہو تو اس کی زبان مٹا دو تو قوم کی روایات' اس کی تہذیب' اس کی تاریخ' اس کی قومیت سب کچھ مٹ جائے گا۔ ہمیں اگر اقوام میں زندہ رہنا ہے' تو مادری زبان کو ترجیح دینا از بس ضروری ہے۔

حافظ غلام صابر

دنیا بھر میں ہر سال 21 فروری کو زبانوں کی پہچان اور اہمیت سے آگاہی کے لئے مادری زبانوں کا عالمی دن منایا جاتا ہے۔

نومبر 1999ء کو انسانی ثقافتی ورثہ کا تحفظ کی جنرل کانفرنس کے موقع پر یونیسکو نے مقامی زبانوں کے احیاء و بقاء کے لئے سال 21 فروری کو مادری زبانوں کا عالمی دن منانے کا اعلان کیا گیا تھا۔ بلاشبہ زبان کسی بھی انسان کی ذات اور شناخت کا اہم ترین جزو ہے اسی لیے اسے بنیادی انسانی حقوق میں شمار کیا جاتا ہے۔ ایک تحقیق کے مطابق اس وقت دنیا بھر میں تقریباً 7 ہزار زبانیں بولی جاتی ہیں۔

پاکستانی ماہرین لسانیات کے مطابق ملک بھر میں مختلف لہجوں کے فرق سے 74 بولیاں/ زبانیں بولی جاتی ہیں۔ 48 فیصد پاکستانی پنجابی زبان بولتے ہیں۔ اس کی ادبی روایت کئی صدیوں پر محیط ہے۔ حضرت بابا فرید گنج شکر رحمت اللہ علیہ کی شاعری اور نوشہ گنج بخش رحمت اللہ علیہ کی نثر سے لے کر آج تک اعلیٰ زبان میں بے شمار کتابیں تخلیق ہو چکی ہیں۔ لیکن صد افسوس کہ آج تک اس زبان کو وہ مقام و مرتبہ حاصل نہیں ہو سکا جو اس کا اولین حق تھا۔ یہ ادنیٰ اعتبار سے کسی بھی دوسری زبان سے پیچھے نہیں اس میں ہمارے دین و مذہب، علم و ادب اور تہذیب و ثقافت کا بیش قیمت سرمایہ موجود ہے۔

پاکستان اور ہندوستان میں کی گئی مردم شماری کے مطابق دنیا میں پنجابی بولنے والوں کی تعداد 15 کروڑ سے زائد ہے۔ انگریز نے فاتحانِ عالم کی طرح ہمت اور بہادری کے ساتھ برصغیر کو فتح نہیں کیا بلکہ تاجروں کا بھیس بدل کر روٹی کی بھیک مانگتے ہوئے ہندوستان میں آیا اور مغلیہ حکمرانوں کے سامنے دامن پھیلا کر تجارتی سہولیات حاصل کیں لیکن موقع ملتے ہی لٹیروں اور ڈاکوؤں کی طرح اپنے ہی محسنوں کے گھر پر قبضہ کر لیا۔ انگریز نے قدم جمانے کے بعد مقامی زبانوں کو نظر انداز کر دیا۔

یہ ایک مسلمہ حقیقت ہے کہ کسی قوم کو مٹانا ہو تو اس کی زبان مٹا دو' تو قوم کی روایات، تہذیب، ثقافت، تاریخ اور اس کی قومیت غرض سب کچھ مٹ جائے گا۔ مادری زبان انسان کی شناخت، ابلاغ، تعلیم اور ترقی کا بنیادی ذریعہ ہے لیکن جب زبان ناپید ہوتی ہے تو اس کے ساتھ تہذیب و تمدن اور ثقافت کا بھی خاتمہ ہو جاتا ہے۔ اسی لئے دنیا بھر میں ابتدائی تعلیم مادری زبان میں دیے جانے کا انتظام ہوتا ہے کیونکہ بچے کے ذہن میں راسخ الفاظ اس کے اور نظام تعلیم کے درمیان ایک آسان اور زود اثر تفہیم کا تعلق پیدا کر دیتے ہیں۔ لیکن انگریز نے پنجاب میں رائج نظامِ تعلیم کو ختم کرتے ہوئے پرائمری تک تعلیم کے لیے ،قامی زبانوں (سندھی، بلوچی اور پشتو) کی جگہ اردو زبان کو لازمی قرار دیا۔ جبکہ فارسی کی جگہ انگریزی سرکاری زبان بنا دی گئی۔ انگریزی بولنے اور پڑھنے والے اعلیٰ تعلیم یافتہ کہلانے لگے، باقی سب جاہل تھے۔

انگریز نے غلامی کا وار اس انداز میں کیا کہ مسلمانوں کا صدیوں سے رائج نصاب بے وقعت ہو گیا۔ ایک طرف مسلمان معاشی طور پر دلدل میں پھنستے چلے گئے تو دوسری طرف تعلیمی میدان میں انگریزی زبان کے فروغ کا زور و شور ان کو لے ڈوبا۔ علم و عمل کی بنیاد پر برصغیر پر ہزار سال حکومت کرنے والی مسلم قوم کو ایک دم جاہل گنوار بنا کر رکھ دیا گیا۔ انگریز کی اس کاری ضرب کی وجہ سے مسلمان اندھیروں میں ڈوبتے چلے گئے۔ پنجاب کے وہ سورے جو عظیم ہیرو تھے انہیں ڈاکو اور لٹیرے بنا کر پیش کیا گیا۔ اس طرح پنجاب کی نئی نسل اپنی ہی زبان اور ثقافت پر نازاں ہونے کی بجائے شرمندگی محسوس کرنے لگی۔ انگریز نے پنجاب پر قبضہ کیا کیا، اس نے یہاں کے لوگوں کو احساس کمتری میں مبتلا کر دیا اور انگریزی زبان کو اتنا اونچا درجہ دے دیا کہ عوام دیسی زبانیں بولنے میں شرمندگی محسوس کرنے لگے۔

نو آبادیاتی نظام کے خاتمے کے بعد بھی ہر شعبہ ہائے زندگی میں انگریزی کو ہی اہمیت دی جا رہی ہے۔ اس میں کوئی شک نہیں کہ انگریزی ایک ترقی یافتہ اور جدید سائنسی علوم کے ذخیرے سے مالا مال زبان ہے۔ لیکن یہ ایک مسلمہ حقیقت ہے کہ دنیا کی کسی بھی قوم نے اپنی زبان اور روایات چھوڑ کر کسی غیر کی زبان اور تہذیب و تمدن کو اپنا کر کبھی ترقی نہیں کی۔ کیونکہ مادری زبان انسان کی شناخت، ابلاغ، تعلیم اور ترقی کا بنیادی ذریعہ ہے لیکن جب زبان ناپید ہوتی ہے تو اسکے ساتھ ثقافتوں اور روایات کا بھی خاتمہ ہو جاتا ہے۔ جن معاشروں میں دانشور اپنی دھرتی کے ساتھ جُڑے رہتے ہیں اور ان کا تعلق اپنی مٹی کے ساتھ مضبوط ہوتا ہے تو ان ممالک کی عوام اپنی ثقافت، زبان اور اپنی تاریخ پر فخر کرتی ہیں۔ لہٰذا ہمیں ہر صورت اپنی ماں بولی کا بغیر کسی تعصب کے ضرور تحفظ کرنا چاہیے۔

حکومتِ وقت مادری و علاقائی اور قومی زبانوں کے ادباء و شعراء اور محققین کی سرپرستی کرے، ان کی تخلیقات کو سرکاری سطح پر شائع کیا جائے اور اس کے ساتھ ساتھ دیگر عالمی زبانوں کی کتب کو قومی و علاقائی زبانوں میں ترجمہ کیا جائے تاکہ ہماری قوم اندھیروں سے نکل کر وقت کے ساتھ ساتھ دنیا میں اپنا آپ منوا سکے۔ یونیورسٹیوں میں سندھی، بلوچی، پنجابی زبان اور پشتون زبانوں میں ایم اے، ایم فل اور پی ایچ ڈی پروگرامز بھی شروع کیے جا چکے ہیں تاہم ان ڈگریوں کی معاشی اہمیت چونکہ محدود ہے کیونکہ ماں بولی کے احترام کے سوا عملاً کچھ نہیں ملتا۔ پنجابی زبان تو ایک طرف آج تو اردو بھی عملاً سرکاری زبان نہیں اور اسے بھی انگریزی کی ضرورت کے سبب علاقائی زبانوں کے خیمے میں پناہ لینی پڑ گئی ہے۔

حکومتِ پاکستان کو چاہیے کہ ابتدائی کلاسز میں مادری زبان کو ذریعہ تعلیم بنایا جائے۔ دنیا کے کئی ممالک نے مادری زبانوں کی ضرورت و اہمیت کو مانتے ہوئے تسلیم کیا ہے کہ ہر بچے کو اپنی مادری زبان میں تعلیم کا حق حاصل ہے اور تمام زبانوں کی بلا امتیاز ترویج و ترقی شہریوں کے بنیادی حقوق اور ریاستی فرائض کا حصہ ہے۔ لیکن پاکستان میں آج بھی علاقائی زبانوں کی اہمیت اور مقام و مرتبے پر بحث جاری ہے۔ اگرچہ سندھ میں سندھی، خیبر پختونخوا میں پشتو اور بلوچستان میں بلوچی ابتدائی تعلیمی درجات میں پڑھائی جاتی ہے لیکن پنجاب میں پنجابی زبان کی ترویج و اشاعت کی سرکاری سطح پر کبھی بھی ضرورت محسوس نہیں کی گئی۔

مادری زبان میں تعلیم سے بچے بہت جلد نئی باتوں کو سمجھ جاتے ہیں اور اس سے بچوں کی تعلیمی صحت پر خوشگوار اثرات مرتب ہوتے ہیں۔ جس سے زبان کی آبیاری ہوتی ہے، اس کے برعکس جن اقوام کا اپنی ہی مٹی سے تعلق کمزور ہو جاتا ہے شکست اور ذلت و پستی ان کا مقدر بن جاتی ہے۔ اس لیے ضروری ہے کہ پرائمری سے تمام صوبوں میں مقامی زبانوں کو لازمی مضمون کے طور پر پڑھایا جائے۔

عابد ضمیر ہاشمی

5 فروری یوم یکجہتی کشمیر کے طور پر منایا جاتا ہے۔ اس دن پاکستان اور آزاد کشمیر میں عام تعطیل ہوتی ہے۔ دُنیا بھر میں مقیم پاکستانی اور کشمیری یہ دن اس جذبے کے ساتھ مناتے ہیں کہ مقبوضہ ریاستِ جموں و کشمیر کے عوام جو ہندوستان کے خلاف جدوجہد آزادی میں مصروف ہیں، کے ساتھ بھرپور اظہار یکجہتی ہو۔ اس دن سرکاری اور عوامی سطح پر جلسے جلوس' سیمینار کے علاوہ پاکستان و آزاد کشمیر کو ملانے والے کوہالہ پُل اور راستوں پر انسانی زنجیریں بنائی جاتی ہیں۔

اہل پاکستان مقبوضہ کشمیر کے ساتھ اخلاقی' سفارتی اور سیاسی حمایت جاری رکھنے کے اپنے عہد کا اعادہ کرتے ہیں۔ اب ہر روز ہی اظہار یکجہتی منایا جائے پھر بھی کم ہے، کیونکہ مودی سرکار نے ظلم و بربریت کے تمام ریکارڈ توڑ دیئے، 5 اگست 2019ء کو جبری طور پر یک طرفہ، اقوام متحدہ کی قراردادوں کو پس پشت ڈالتے ہوئے، کشمیر کی خصوصی حیثیت ختم کی اور پھر مزاحمت کے ڈر سے آج تک محاصرہ، لاک ڈاون برقرار ہے۔ وادیِ کشمیر فوجی چھاونی کے ساتھ ہی دُنیا کی سب سے بڑی جیل میں تبدیل ہو چکی، جس میں 90 لاکھ انسان خوراک، ادویات کی شدید قلت، سخت سردی کے باعث زندگی موت کی کشمکش میں مبتلا ہیں۔

برصغیر پاک و ہند کے شمال مغرب میں واقع ایک ریاست ہے جس کا کل رقبہ 69547 مربع میل ہے۔ یہ ریاست 1947 کے بعد جموں کشمیر میں تقسیم ہو گئی۔ اس وقت بھارت 39102 مربع میل پر جبری طور قابض ہے جو ''مقبوضہ کشمیر'' کہلاتا ہے۔ اس کا دارالحکومت سری نگر ہے، بقیہ علاقہ آزاد کشمیر کہلاتا ہے جو 25 ہزار مربع میل رقبہ پر پھیلا ہوا ہے اور اس کا دارالحکومت مظفر آباد ہے۔ ریاست کی کل آبادی ایک کروڑ کے قریب ہے جس میں سے 40 لاکھ آزاد کشمیر میں ہیں۔

ہندو راجاؤں نے تقریباً 4 ہزار سال تک اس علاقے پر حکومت کی۔ 1846ء میں انگریزوں نے ریاست جموں کشمیر کو 75 لاکھ روپوں کے عوض ڈوگرہ راجا غلام سندھ کے ہاتھوں فروخت کر دیا۔ کشمیر کی آبادی 80 فیصد مسلمانوں پر مشتمل ہے۔ ہندو راجا نے بزور شمشیر مسلمانوں کو غلام بنا رکھا تھا۔ تقسیم ہند کے بعد ہندو مہاراجہ ہری سنگھ نے مسلمانوں کی مرضی کے خلاف 26 اکتوبر 1947 کو بھارت کے ساتھ الحاق کا اعلان کر دیا، اس کے نتیجے میں پاکستان اور بھارت میں جنگ کا آغاز ہوا۔

سلامتی کونسل کی مداخلت پر یکم جنوری 1949ء کو جنگ بندی ہو گئی۔ سلامتی کونسل نے 1948ء میں منظور شدہ دو قراردادوں میں بھارت اور پاکستان کو کشمیر سے افواج نکالنے اور وادی میں رائے شماری کشمیر کروانے کے لیے کہا۔ اس وقت بھارتی وزیراعظم پنڈت جواہر لال نہرو نے رائے شماری کروانے کا وعدہ کیا مگر بعد ازاں اس وعدے سے منحرف ہو گئے۔ پاکستان نے بھارت سے آزاد کرائے گئے علاقے میں آزاد کشمیر کی ریاست قائم کر دی جبکہ مقبوضہ کشمیر کا تنازعہ اب بھی جاری ہے، بھارت نے یک طرفہ تقسیم کر کے آزادی کشمیر تحریک کو مزید دوام بخشا، حالانکہ اس مسئلے کے حل میں اقوام متحدہ کا عالمی فورم، کشمیری عوام کے استصواب رائے

کے مطالبے کو تسلیم کر چکا ہے۔

پاکستان اور بھارت کے درمیان اب بھی یہی مسئلہ تنازعے کی صورت میں برقرار ہے اور دونوں ممالک اس سلسلے میں ایک دوسرے کے آمنے سامنے کھڑے ہیں۔ کشمیر کا بچہ بچہ آج بھی اسے پاکستان کا حصہ ہی تسلیم کرتا ہے اور وہاں کشمیر کی آزادی کے نام پر شہادت پانے والوں کو آج بھی پاکستان پرچم میں لپیٹ کر سپرد خاک کیا جاتا ہے۔

